اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# "حسبِ حال علمِ دین سیکھنا فرض ہے" کے 23 حروف کی نسبت سے شعبۂ تعلیم و ماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو پیتھک)(اسلامی بہنیں) کے 23 مدَنی پھول

﴿عالمی مجلس مشاورت(دعوت اسلامی)﴾

### ﴿1﴾ شعبۂ تعلیم و ماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) کا تعارف:

a) **شعبۂ تعلیم :** شعبۂ تعلیم(اسلامی بہنیں)کاکام تمام گورنمنٹ، پرائیویٹ اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز، انسٹیٹیوز، اکیڈمیز، ٹیوشن سینٹرز ہاسٹلز اور تعلیمی دفاتر اور ان سے وابستہ منسلک خواتین تیزی سے پھیلتی ہوئی بے راہ روی، عقائد ،ایمان و اخلاقیات کی تباہی سے بچانے ،خوف خدا اور عشق مصطفیٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی مٹھاس اور مقصد حیات سے روشناس کروانے کے لئے مختلف دینی کاموں کے ذریعے نیکی کی دعوت عام کرتے ہوئے عاشقانَ رسول کی دینی تحریک دعوتِ اسلامی کے پیغام کو عام کرنا اورانہیں دعوت اسلامی سے وابستہ کرتے ہوئے اس مدَنی مقصد "مجھے اپنی اور ساری دنیاکے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے،اِنْ شَآءَ اللّٰهُ الْکَرِیْم کے مطابق زندگی گزارنے کا ذہن دیناہے۔

**فرامینِ امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ :

☆ طَلَبَہ مُلک و مِلّت کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں مستقبل میں مُلک کی باگ ڈور یہی سنبھالتے ہیں اگر ان کی شریعت وسنّت کے مطابق تربیت کر دی جائے تو پورا معاشرہ خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا گہوارہ بن جائے۔

b) **لیڈی ڈاکٹرز:** لیڈی ڈاکٹرز(اسلامی بہنیں)کاکام ملک اور بیرون ملک سرکاری و پرائیویٹ میڈیکل کالجز، میڈیکل یونیورسٹیز سے منسلک اسپتالوں ☆ سرکاری و پرائیویٹ اسپتال ☆ کلینک و ڈسپنسری ☆ ڈسٹرکٹ تحصیل رورل ہیلتھ سنٹر، ☆ بیسک ہیلتھ یونٹ اور ہیلتھ ورکرز سے منسلک اسلامی بہنوں میں عاشقانِ رسول کی دینی تحریک کے

پیغام کو عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی سے وابستہ کرتے ہوئے اس مدنی مقصد "مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیم کے، مطابق زندگی گزارنے کا ذہن دینا ہے۔

c) **ہومیو پیتھک لیڈی ڈاکٹرز**: لیڈی ہومیوپیتھک ڈاکٹرز(اسلامی بہنیں)کا کام ملک اور بیرون ملک سرکاری و پرائیویٹ ہومیو کلینک و ڈسپنسری ☆ ہومیوپیتھک میڈیکل کالجز اور نیشنل کونسل فار ہومیو پیتھک☆ ڈسٹرکٹ تحصیل رورل ہیلتھ سنٹر سے منسلک اسلامی بہنوں میں عاشقانِ رسول کی دینی تحریک کے پیغام کو عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی سے وابستہ کرتے ہوئے اس مدنی مقصد "مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیم کے، مطابق زندگی گزارنے کا ذہن دینا ہے۔

**نیت کی حفاظت**:

فرمانِ مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیرللطبرانی، الحدیث:۵۹۴۲،ج۶،ص۱۸۵)

لہٰذا! شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) ہر ذمہ دار اسلامی بہن یہ نیت کرتی رہے:"میں اللہ پاک کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے "شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) " کا کام مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گی۔

اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیم۔"

☆ "مَدَنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے۔" (شوریٰ وکابینہ کے مَدَنی مشورے کے مَدَنی پھول 22تا26اگست 2013)

☆ پروفیشنل اسلامی بہنوں سے رابطوں کا مقصد فقط اللہ پاک کی رضا کا حصول اور نیکی کی دعوت کا پیغام عام ہو، ذاتی اغراض و مقاصد اور ذاتی نفع کا حصول ہرگز نہ ہو۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) کی تمام اسلامی بہنیں پردے، چندے، رشوت، تعلقات اور مداہنت ﴿"بُرائی کے مٹانے پر قدرت ہونے کے باوجود شرم یا بے حمیتی یا جانب داری کی وجہ سے خاموش ہونا۔" مداہنت میں نفس کے لیے لوگوں سے مختلف قسم کے منافع اور حصولِ دنیا کرتے ہوئے دین میں بے باکی کا اظہار ہے۔ (ماخوذ از: اشعۃ اللمعات مترجم ج6 ص229تا230)﴾ کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً پردے کے بارے میں سوال جواب، چندے کے بارے میں سوال جواب، فیضان سنت صفحہ 539 تا صفحہ 554 ، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب صفحہ 428 تا449، بہارِ شریعت ،جلد سوم حصہ 16 ، نیز فتاویٰ رضویہ جلد 24صفحہ 311 تا صفحہ 331تک اور ''دارالافتاء اہلسنّت'' سے ضرور تاً رہنمائی بھی لیتی رہیں۔

﴿2﴾ **شعبۂ تعلیم کے دینی کام**:

a) **پروفیشنلز منسلک کرنا:**

❖ ملاقات وانفرادی کوشش
❖ پروفیشنلز واسٹوڈنٹس اجتماع
❖ دعوت اسلامی کے اداروں کا وزٹ
❖ میٹ اپ
❖ پروفیشنلز کے ذریعے دینی کام
❖ ادارہ ذمہ دار
❖ آن لائن ورکنگ

b) **ادارہ منسلک کرنا**

❖ وزٹ
❖ ڈیلی/ہفتہ وار/ماہانہ درس
❖ مدرستہ المدینہ بالغات
❖ ایونٹ کیلنڈر
❖ محفل نعت ہونا
❖ مکتبۃ المدینہ کے کتب ورسائل اور ماہنامہ فیضان مدینہ ڈسپلے کرنے کی اجازت ملنا
❖ نیک اعمال کا رسالہ تقسیم ووصول کرنا
❖ انفرادی کوشش کی اجازت مل جانا
❖ مختصر کورسز کا انعقاد ہونا
❖ اداروں میں ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کے لئے جگہ کا ملنا


❖ ڈونیشن بکس رکھوانا

❖ اداروں میں دینی حلقہ لگانا

❖ سمر کیمپ اور ونٹر کیمپ

### a) پروفیشنلز و سٹوڈنٹس کو منسلک کرنا

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) سے وابستہ شخصیات صاحب منصب professionalاسلامی بہنوں سے ملاقات وانفرادی کوشش:




☆ **شخصیت صاحب منصب professional اسلامی بہن کی تعریف**: "شخصیت صاحب منصب professional"اسلامی بہن سے مراد ایسی اثر ورسوخ عہدے (Designation)والی اسلامی بہن ہے جس کے ماتحت بھی چند اسلامی بہنیں ہوں تاکہ "شخصیت **صاحب منصب** professional"کے دینی ماحول سے وابستہ ہونے کی صورت میں ماتحت خودہی دینی ماحول سے وابستہ ہوجائیں اور یوں دعوت اسلامی کوزیادہ فائدہ حاصل ہو۔

☆ طلبا، پیرامیڈیکل اور دیگر اس تعریف پر پورے نہیں اُترتے اس لئے انہیں پروفیشنلز نہیں کہیں گے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران (یونٹ تا عالمی سطح) شخصیات **صاحب منصب** professional اسلامی بہنوں سے ملاقات یا فون کے ذریعے پیشگی وقت لیں۔ حتی الامکان شخصیات اسلامی بہنوں سے ان کے فارغ اوقات میں ملاقات کی جائے تاکہ آپکی بات یکسوئی سے سن سکیں۔

☆ پُر اثر شخصیت نفیس ہوتی ہے۔ ملاقات کے وقت شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران ظاہری طور پر اپنی نفاست کا دھیان رکھیں کیونکہ پروفشنلز اسلامی بہنیں اس پر زیادہ غور کرتی ہیں۔

☆ بہتر یہ ہے کہ دو تین اسلامی بہنیں مل کر جائیں ملاقات کے لئے جانے سے قبل مَدَنی مشورے کے ذریعے یہ طے کر لیا جائے کہ گفتگو میں کون حصہ لیں گی اور کیا بات کی جائے گی؟ ملاقات کے دوران پُر اعتماد اور خوشگوار انداز میں گفتگو کیجئے۔ چہرے کے تاثرات، باڈی لینگویج، الفاظ، انداز بہت اہم ہیں، انکا خیال رکھا جائے۔ گفتگو کا موضوع، مواد، ترتیب سب پہلے سے طے شدہ ہوں۔

☆ ملنساری انفرادی کوشش کی روح ہے "گرم جوشی و ملنساری سے سلام و حال احوال سے آغاز کرنے کے بعد ملاقات کی ابتداء میں ضرورتاً تعارف یعنی تنظیمی ذمہ داری، اپنی تعلیمی قابلیت(Educational Qualification)بیان کرنا مفید ہے۔

☆ اپنا تعارف صرف دعوتِ اسلامی کے شعبے "شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)" ذمہ دار اسلامی بہن کے حوالے سے کروائیں۔

☆ اگر کوئی پروفیشنل اسلامی بہن شعبہ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمّہ داران سے ان کی شناخت(یعنی کارڈ وغیرہ)مانگے تو بہتر ہے کہ شعبۂ تعلیم کا مختصر تعارف اور دعوت اسلامی کے وہ شعبہ جات جو اس وقت کے جدید تقاضوں کے پیش نظر بنائے گئے ہیں، مثلاً فیضان آن لائن اکیڈمی FGRF، کڈز مدنی چینل، شوشل میڈیا پلیٹ فارم وغیرہ پر مشتمل بروشیئر اور اس کے ساتھ اپنا آئی ڈی کارڈ دے دیں۔

☆ پھر ایک اسلامی بہن موقع کی مناسبت سے ترغیبی کلام فرمائیں مثلاً مخصوص مہینوں سے متعلق، تعلیم و قرآن و فرض علوم ضرورت واہمیت، بنیادی عقائد، غیر اخلاقی، خوف خدا عشق مصطفیٰ اخلاص واخلاق حسنہ، اوصاف انبیاء واولیاء﴿علیہم الصلوۃ والسلام و علیھم الرضوان﴾

☆ دورانِ ملاقات شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک)سے وابستہ اسلامی بہنوں کو دعوتِ اسلامی کے دینی کاموں اور اُس کے متفرق شعبہ جات مثلاً شعبۂ تعلیم ، دارالمدینہ ، کنزالمدارس بورڈ Faizan Rehabilitation Center، آئی ٹی، فیضان آن لائن اکیڈمی مختصر کورسز(آن لائن)، المدینۃ العلمیہ، دارالافتاءاہلسنت اسلامک ریسرچ سینٹرل، FGRF اوردعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.netوغیرہ کا تعارف پروفیشنل فیلڈودلچسپی کے مطابق کروائیں۔جہاں ہو وہاں LAPTOPکے ذریعے تعلیمی میدان میں دعوت اسلامی کے کردارپرpresentation کی دکھائی بنائی جائے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرزلیڈی ہومیوپیتھک)سے وابستہ پروفشنل کو دورانِ ملاقات دعوت اسلامی کی طباعت کے ذریعے خدمتِ قرآن کے پہلوؤں کو متعارف کروائیں۔

☆ اشاعت قرآن پاک، مدنی قاعدہ، کنزالایمان مع خزائن العرفان، معرفۃالقرآن علی کنزالعرفان، صراط الجنان، جلالین مع حاشیہ انوارالحرمین، بیضاوی مع حاشیہ مقصود الناوی، تفسیر سورہ نور، فیضان لیس شریف مع دعائے نصف شعبان المعظم، مدنی پنج سورہ، آیات قرآن کے انوار، عجائب القرآن مع غرائب القرآن، فیضان تجوید، آیئے قرآن سمجھتے ہیں۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمّہ داران دورانِ ملاقات موبائل ایپلیکیشن Dawateislami Digital Services کے ذریعے دعوت اسلامی کیAppsکاتعارف پیش کریں کو، INTRODUCE کروایا جائے۔ بالخصوص تفسیر صراط الجنان(دعوت اسلامی کے سحر و افطار، درودوسلام ایپ ،ذہنی آزمائش Muslims FUNERAL ،کلمہ اینڈ دعا، معرفت القرآن اور prayer time INTRODUCEکروایاجائے۔

☆ جب آپ کسی پروفشنل سے ملاقات کرنے جائیں تو آپ کو دعوتِ اسلامی کے دینی کام حفظ ہوں اور دعوت اسلامی کے شعبہ اصلاح برائے قیدیان ، خصوصی اسلامی بھائیFGRF کے تحت ہونے والے فلاحی کام اسی طرح جامعات ومدارس المدینہ (للبنات) ان پر کتنے اخراجات ہوتے ہیں ان سے بھی آگاہی ہوتی ہے کہ دعوت اسلامی کا تعارف اچھے انداز سے کرواکر مدنی عطیات کا ذہن حسب موقع دیا جائے ۔(مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ وزون نگران 8 تا11 رجب المرجب1436ھ27 تا30 اپریل2015ء)

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک)سے وابستہ شخصیات اسلامی بہنوں کو روحانی علاج کے شعبے کا تعارف نیز دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ، روحانی علاج ایپ پر روحانی علاج کے کی سہولیات کو use کرنا سکھایا جائے (مثلاً آن لائن استخارہ، آن لائن کاٹ وآن لائن تعویذات عطاریہ حاصل کرنا وغیرہ)۔

☆ ایلوپیتھک ڈاکٹرز وہومیوپیتھک ڈاکٹرز کے ذریعے کلینکس میں چیک اپ کے لئے جو خواتین آتی ہیں انھیں بھی روحانی علاج کے شعبہ جات کا تعارف اور اس کے استعمال کرنے کا ذہن دیا جائے، نیز40روحانی علاج، بیمار عابد، مینڈک سوار بچھو سے روحانی علاج بتانے کی بھی ترغیب دلائی جائے۔

☆ فیضان آن لائن اکیڈمی کے تحت ناظرہ قرآن کورس اور مختلف کورسز کا تعارف کرواتے ہوئے ان میں داخلے کی ترغیب بھی دلائی جائے اور جو پروفیشنلز وطالبات داخلے کی خواہش ظاہر کریں ان کے داخلے کروائے جائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم کے تحت ہونے والے آن لائن وبالمشافہ سیشنز(ایونٹ کیلنڈر) میں شرکت کی دعوت دی جائے۔موقع کی مناسبت سے پروفیشنل اسلامی بہن جس ادارے سے وابستہ ہوں، اس میں بالمشافہ کروانے کا ذہن دیا جائے۔

☆ دوران گفتگو اُن کی ہر بات پر ہاں میں ہاں نہ ملائیں نہ سر ہلا کر تائید کریں، اِختلافی مسائل، فُضول گفتگو اور سیاسی معاملات پر گفتگو سے مکمل اجتناب کریں۔ملاقات مختصر(5 سے12منٹ)ہو، لیکن اگر دلچسپی ظاہر کرے اور مزید وقت کی ضرورت وصورت بنتی ہو تو ضرور وقت دیا جائے۔

﴿3﴾ حدیثِ پاک میں ہے: "تَهَادوا تَحَابُّوا "یعنی "ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔"(موطاامام مالک، جلد2 صفحہ407،رقم1731)پر عمل کی نیت سے اختتامِ ملاقات پر ذاتی طور پر حسبِ استطاعت اور شعبہ تقسیم رسائل کے ذریعے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتب ورسائل وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں۔کتب ورسائل پیش کرتے وقت یہ کہنے کے بجائے کہ "یہ میری طرف سے ہے" درست نہیں بلکہ یہ کہا جائے کہ "یہ تحفۃً ہے قبول فرمالیجئے" انسب ہے۔

☆ بہتر ہے کہ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) سے وابستگان کو اُن کے شعبے سے متعلق مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ کتب ورسائل / تحفۃً دیں، تاکہ ان کی دلچسپی میں اضافہ ہو۔جو رِسالہ /کتاب/ پیش کریں اُسے اپنے پاس ڈائری میں تحریر کرلیں تاکہ آئندہ ملاقات میں کوئی اور رِسالہ /کتاب پیش کی جاسکے۔

☆ شعبۂ تعلیم سے وابستہ پروفیشنلز اسلامی بہنوں کو مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ کتب ورسائل اور پمفلٹ مثلاً رسالہ "حلال طریقے سے کمانے کے50مَدَنی پھول"،"راہِ علم"،"کامیاب استاذ کون؟"،"کامیاب طالب علم کون؟"،"امتحان کی

تیاری کیسے کی جائے ؟"، " علم وحکمت کے 125 مَدَنی پھول"، علمِ دین کے فضائل"، " ترقی کی راہیں "، "98 سنتیں و آداب "، "فرض علوم سیکھئے "، "کام کے اوراد "۔

☆ **لیڈی ڈاکٹرز اور لیڈی ہومیو پیتھک ڈاکٹرز و ہیلتھ ورکرز** اور متعلقہ اسلامی بہنوں کو المدینۃ العلمیہ و مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ کتب و رسائل مثلاً آداب طعام، پیٹ کا قفلِ مدینہ ، وضو اور سائنس، بیمار عابد، 40 روحانی علاج، مَدَنی پنج سورۂ، کام کے اوراد، لیکوریا کا شرعی حکم، تفسیر صراط الجنان وغیرہ پہنچائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو پیتھک)ذمہ داران تمام شعبہ جات میں پروفشنلز سے ملاقات کے وقت پروفشنلز اسلامی بہنوں کو مبارک دنوں اور مہینوں کی مناسبت سے مثلاً **محرم الحرام میں** امام حسین کے واقعات، محرم الحرام کے 40 مضامین ، محرم کے فضائل، **صفر المظفر میں** سفر میں نحوست نہیں، اور صفر المظفر میں کے 50 مضامین، **ربیع الاوّل میں** حسن وجمال مصطفیٰ، آخری نبی صلی علیہ وسلم کی پیاری پیاری سیرت، ربیع االاوّل کے 83 مضامین، اور ربیع الاوّل کے 12 مضامین اور آخر کے 50 مضامین، **جمادی الآخر میں** اقوال صدیق اکبر اور شان صدیق اکبر **رجب المرجب میں** کفن کی واپسی، رجب المرجب اور شعبان المعظم کے 56 مضامین اور فیضان رجب، **شعبان المعظم میں** آقا کا مہینہ ، فیضان شعبان، **رمضان المبارک میں** فیضانِ رمضان اور روزے کے ضروری مسائل، **ذوالحجۃ الحرام میں** قربانی کیوں کرتے ہیں ؟ کعبہ کے بارے میں دلچسپ معلومات ، ذوالحجۃ الحرام کے 65 مضامین ، حاجیوں واقعات اور قربانی کے فتاوٰی وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں ۔ **فروری میں** رسالہ "ویلنٹائن ڈے" 14 فروری سے پہلے تمام منسلک اداروں میں زیادہ سے زیادہ تقسیم کئے جائیں۔

☆ امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی بار گاہ سے ہر ہفتہ جو رسالہ پڑھنے کا ہدف ملتاہے، شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو پیتھک)ذمہ داران تمام متعلقہ شعبہ جات سے وابستہ پروفیشنلز اسلامی بہنوں تک بھی یہ رسائل پہنچائیں اور کتنی اسلامی بہنوں / طالبات نے ان رسائل کو پڑھا یا سُنا ہر ہفتہ اسکی کارکردگی تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی شعبہ ذمہ دار کو آگے بڑھائی جائے۔

☆ یاد رہے ! عہدے دار شخصیات اسلامی بہنوں کی دعوتِ خاص نہ خود اور نہ ہی کسی سے کروائیں کہ یہ ناجائز ہے۔ یہی حکم اسلامی کتب ورسائل کے علاوہ دیگر تحائف کا ہے۔ شعبۂ تعلیم کی جو پروفیشنلز اسٹوڈنس مضبوطی سے منسلک ہیں ان میں مدنی مذاکرہ دیکھنے ، نیک اعمال کے رسالے کے مطابق عمل کرنے اور ہفتہ وار رسالہ پڑھنے کی دعوت دی جائے اس کام کو مضبوط فولو اپ کے ساتھ نافذ کیا جائے تا کہ ہمارے شعبے سے بھی مدنی مذاکرہ دیکھنے ، سُننے کی والیوں، نیک اعمال پر عمل کرنے والیوں، رسالہ پڑھنے والیوں کی تعداد امیر اہلسنت کی بار گاہ میں پیش کی جاسکے۔

﴿4﴾ مضبوط اور مسلسل رابطہ ہمارے دینی کام کی جان ہے، جن کی خدمت میں حاضر ہوں اُن کا نام اور فون نمبر وغیرہ حاصل کرکے فہرست(نام، فون نمبرز وغیرہ) مرتب کریں اور بالمشافہ ، SMS، Email، ضرور تاً فون کے ذریعے مسلسل رابطے میں رہیں۔

☆ پروفشنلز اسلامی بہنوں کے مکمل کوائف مثلاً تعداد، نام، عہدہ ، ادارہ / فون / واٹس اپ نمبرز وغیرہ اپنی شعبہ ذمہ دار اسلامی بہن کو بھی پیش کریں تاکہ ضرورتاً اُن سے فوری رابطہ کیا جاسکے۔ (متعلقہ فہرست مرتب کرنے کے لئے **"منسلک ادارے ومنسلک پروفیشنلز اسلامی بہنوں کی تفصیلات "** (یوسی/سیکٹر اوورسیز میں ڈویژن سطح) پروفشنلز کے واٹس اپ گروپ صرف گروپ ایڈمن مواد سینڈ کریں، جس میں صرف دعوت اسلامی کا مواد سینڈ کیا جائے، کوشش کی جائے کہ 2 یا 3 سے زیادہ میسج پوسٹ / ویڈیوز گروپ میں سینڈ کی جائیں۔ اگر گروپ میں کسی دن کی پوسٹ / ویڈیو سینڈ ہے توجہ رکھی جائے تاکہ ویڈیو دوبارہ سینڈ نہ ہو۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ شعبۂ تعلیموماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو پیتھک)(ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) سطح) دار المدینہ کی شہر کے ذریعے دار المدینہ سے وابستہ ٹیچرز پر انفرادی کوشش کے ذریعے شعبۂ تعلیم کے دینی کاموں سے وابستہ کرتے ہوئے رابطے میں رہیں۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو پیتھک)سے وابستہ اداروں میں نئ آنے والی اساتذہ وطالبات، لیڈی ڈاکٹرز، ناظمات و عالمات اور دیگر اسٹاف، اسی طرح تعلیمی اداروں ، میڈیکل کالجز مزید تعلیم کے لئے بیرون ملک جانے والیوں سے ملاقات وانفرادی کوشش نیز تقسیم رسائل (رسائل، کتب، وغیرہ) بھی کریں۔ ان کے مکمل کوائف مثلاً تعداد، نام، فون نمبرز اور ادارہ وغیرہ جمع کریں، ان سے مسلسل رابطہ رکھیں اور اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کی مدد سے اُن کی متعلقہ وارڈ / سب سیکٹر / موضع (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اسلامی بہن کو پیش کریں، بیرونِ ملک جانے والیوں کی معلومات پر میل(Mail) کر دیں۔

☆ ہر سطح کی شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو پیتھک)ذمہ داران کی اس طرف بھی توجہ ہونی چاہیے کہ جس شخصیت اسلامی بہن سے رابطہ کیا جارہا ہے۔اس سے کیا کیا دینی فوائد ہوسکتے ہیں۔

☆ متعلقہ شعبہ جات سے وابستہ پروفیشنلز اسلامی بہنوں کو اپنے بجائے امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی ذاتِ مبارکہ اور دعوت اسلامی کا شیدائی بنائیں اور موقع کی مناسبت سے امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کی مرید یا طالب بنائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیو پیتھک) سے وابستہ اسلامی بہنوں کے لئے آسانی کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے بہتر ہے کہ قریبی سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کی ترغیب دلائی جائے اور وہیں کا ایڈریس بتایا جائے۔

☆ شخصیات اسلامی بہنیں اگر شرعی مسائل کے بارے میں معلوم کریں تو **دارالافتاء اہلسنت ایڈریس و اوقاتِ کار** دے دی جائے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو پیتھک)ذمہ داران(یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تاعالمی سطح) پروفیشنلز اسلامی بہنوں کے ہاں بیماری، پریشانی، فوتگی کے مواقع پر غمخواری (عیادت وتعزیت) کریں تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق روحانی علاج کے ذریعے پروفیشنلز کو تعویذات ومکتوباتِ عطاریہ پہنچائے جائیں۔فوتگی پر غسلِ میت اور سوئم، چہلم وبرسی پر محفل نعت اور ایصال ثواب کا ذہن دیا جائے۔ شخصیات اسلامی بہنوں کے ہاں خوشی کے مواقع شادی وغیرہ پر مبارک باد دی جائے۔خوشی کے موقع پر محفل نعت وتقسیمِ رسائل کا ذہن دے کر تقسیم کروائے جائیں۔

☆ جب پروفیشنلز کے گھر محفل نعت ہو تو شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو پیتھک)ذمہ داران "مَدَنی پھول برائے محفل نعت "میں موجود "اہلِ خانہ سے طے کیے جانے والے مَدَنی پھول" کے مطابق بنائیں۔(یاد رہے محفل نعت از کم ایک ہفتہ قبل بناکر تنظیمی طریقہ کار کے مطابق شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو پیتھک)ذمہ داران (ڈویژن (اوورسیز میں زون سطح)کو اطلاع دے دی جائے شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو پیتھک)ذمہ دار (ڈویژن سطح) محفل نعت کی ڈویژن(اوورسیز میں زون سطح سے رابطہ کیا جائے اور مبلغہ کارکردگی محفل نعت ذمہ دار(یوسی / سیکٹر(اوورسیز میں ڈویژن سطح) کو جمع کروائی جائے۔

☆ پروفیشنلز اسلامی بہنوں کے گھر محفل نعت میں بیان کے لئے ایسی پڑھی لکھی مبلغات کو ترجیح دی جائے جو انگلش میں بھی مہارت رکھتی ہوں اور یہ پروفیشنلز کی نفسیات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان میں بیان کرسکیں۔

☆ جو پروفیشنلز اسلامی بہنیں رابطے میں آتی جائیں ان کے اہل وعیال کو بھی دینی ماحول فراہم کریں مثلاً(ان کے بچے، بچیوں) کو مدرسۃالمدینہ ،جامعۃالمدینہ ، دارالمدینہ میں داخلہ وغیرہ ،ذمہ دار اسلامی بہنوں کے محرم کے ذریعے پروفیشنلز کے گھر کے اسلامی بھائیوں سے رابطہ وغیرہ۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیو پیتھک) کی تمام ذمہ داران صبح کے اوقات میں اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز،انسٹیٹیوٹ ، تعلیمی دفاتر سرکاری وپرائیویٹ میڈیکل کالجز، میڈیکل یونیورسٹیز و ہومیو پیتھک میڈیکل کالجز اور نیشنل کونسل فار ہومیو پیتھک میں اور شام کے اوقات میں (مغرب سے پہلے پہلے)اکیڈمیز اور ٹیوشن سنٹرز وغیرہ میں دینی کام کرنے کا شیڈول بنائیں

﴿5﴾ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیو پیتھک)ذمہ داران(یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن تاعالمی سطح)ومبلغات جن شخصیات اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش فرماتے ہوئے ضرور تاًانہیں پرکشش الفاظ اور کلر والے Images کے ساتھ **"ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع session کی تحریری دعوت Invitation"** دے کر اجتماع / سیشنز میں شرکت کی ترغیب دلائیں ۔(کلینک، گرلز ہاسٹل میں اجتماع کی تشہیر کے لئے "دعوت نامے"Invitationکی یہ پرچیاں دی جاسکتی ہیں)

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ شارٹ کورسز میں داخلہ لینے والی شخصیات وطالبات وغیرہ سے وقتاً فوقتاً رابطے کئے جائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیو پیتھک) ذمہ دار (ڈویژن / صوبہ سٹی سطح) تنظیمی طریقہ کار کے مطابق شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیو پیتھک)ذمہ دار(عالمی سطح)سے رہنمائی حاصل کرکے شعبۂ تعلیم ذمہ دار (عالمی سطح)ان تین ماہ ﴿(1) جنوری (2) مئی (3) ستمبر﴾ میں امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کے وہ رسائل جو موجودہ حالات اور وقت کی ضرورت کے تحت ہوں اُن کو تقسیم رسائل کی مدّ سے متعلقہ منسلک اداروں میں مبلغات کے ذریعے پہنچائے جائیں اور وقت آنے پر نگران شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکن شوریٰ) اور عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار کو اس حوالے سے Update کرکے پھر اس دینی کام کا انعقاد کیا جائے۔

﴿6﴾ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیو پیتھک) کی تمام ذمہ داران صبح کے اوقات میں (اسکولز،کالجز، یونیورسٹیز،انسٹیٹیوٹ ، تعلیمی دفاتر سرکاری وپرائیویٹ میڈیکل کالجز،میڈیکل یونیورسٹیز و ہومیو پیتھک میڈیکل کالجز اور نیشنل کونسل

فارہومیو پیتھک)میں (اگر وہاں شرعی تقاضے مکمل ہوں) دینی کاموں (انفرادی کوشش، درس، درس اجتماع، دینی حلقہ، محفل نعت) کو کیا جائے ، نیز سہ پہر کے اوقات میں (مغرب سے قبل)لیڈی ڈاکٹرز اور شعبے سے متعلقہ شخصیات اسلامی بہنوں کے گھروں میں ہفتہ وار یاماہانہ "**دینی حلقے**" اور محفل نعت)اور ویک اینڈ پر شارٹ کورسز کی کروائے جائیں۔

(**دینی حلقے کا شیڈول** ریکارڈفائل میں موجود ہے)

## ﴿7﴾ اینول Annualاجتماعات:

☆ **شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، مجلس لیڈی ہومیو پیتھک)**ذمہ داران(ڈسٹرکٹ/زون/میٹروپولیٹن(اوورسیز میں کابینہ تاعالمی سطح) بارہ ماہ میں دو بار مارچ اور ستمبر میں ڈویژن (اوورسیز میں زون) /ڈسٹرکٹ /زون/میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) کے وسط میں لیڈی ڈاکٹرز کے درمیان سنتوں بھرے اجتماع کیا جائے۔

☆ بیان میں ان نکات پر تربیت کی جائے"ڈیلوری کیس کے وقت پردے کی احتیاط"، غریب مریضوں کے لئے فیس میں رعایت کرنا"، "سادات کرام کے لئے فیس میں رعایت کرنا"، "عوام سے ہمدردی رکھنا"، "اپنے مالی فائدہ کے لئے غیر ضروری ادویات نہ لکھنا"، "سستی (کم قیمت والی) کمپنی کی دوائی کے نسخے لکھنا"وغیرہ۔۔۔ اس کے لئے کورس "فیضانِ نماز" اور websiteپر موجود مَدَنی مذاکروں سے مدد لی جاسکتی ہے۔

☆ **شعبۂ تعلیم کے تحت شعبۂ تعلیم** ذمہ داران(ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) تاعالمی سطح) بارہ ماہ میں ایک بار جولائی میں اپنی ڈویژن(اوورسیز میں زون) /ڈسٹرکٹ /زون/میٹروپولیٹن(اوورسیز میں کابینہ) وسط میں اس سطح پر جس میں شرکاء تک آواز پہنچانا ممکن ہو تمام منسلک ٹیچرز کے درمیان اور جنوری میں تمام منسلک اسٹوڈنٹس میں سنتوں بھرے اجتماع کیا جائے۔

نیز اجتماع کے آخر میں تعویذاتِ عطاریہ کے بستے بھی ممکنہ صورت میں لگائے جائیں۔

☆ "ایک استاد کو کیسا ہونا چاہیئے"، "ایک اسٹوڈنٹ کو کیسا ہونا چاہیئے"، "مقصدِ حیات"، "اصلاحِ اُمّت میں دعوتِ اسلامی کا کردار"وغیرہ اس حوالے سے سنتوں بھرے اجتماع میں بیان کیا جائے۔

☆ اجتماع کے لئے جگہ کا انتخاب "جگہ کا انتخاب کرنے کے مدنی پھول" کے مطابق ہو

| | | |
|---|---|---|
| | تلاوت | 3منٹ |
| | نعت شریف | 5منٹ |
| | بیان | 41منٹ |
| | اداروں میں دینی کام کرنے والی اسلامی بہنوں کا تعارف اور حوصلہ افزائی | 12منٹ |
| | دعا | 8منٹ |
| | صلوٰۃ وسلام | 5منٹ |
| | انفرادی کوشش کے حلقے | 12منٹ |
| | مجموعی دورانیہ | 86منٹ (ایک گھنٹہ26منٹ) |

☆ لیڈی ڈاکٹرز، ٹیچرز، اسٹوڈنٹس کے درمیان ہونے والے اجتماعات میں شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار کے ذریعے اجتماع کے مقام پر multimedia/projector کا arrange کروالیا جائے، اور اس کے ذریعے پریزنٹیشن کے ساتھ دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبہ جات اور ماہنامہ فیضان مدینہ کا تعارف کروایا جائے۔ نیز اسکی سالانہ بکنگ کی ترغیب دلاتے ہوئے بکنگ کی تفصیلات بھی بتائی جائیں اور اسکی کارکردگی بھی دی جائے۔

☆ جن ڈویژن (اوورسیز میں زون) میں صاحبزادئ عطار سلمھا الغفار، اراکینِ عالمی مجلس مشاورت اور اراکینِ شعبہ بین الاقوامی امور کی رہائش یا شیڈول ہو وہاں صاحبزادئ عطار سلمھا الغفار ، اراکینِ عالمی مجلس مشاورت کا سُنّتوں بھرے بیان رکھا جائے۔

☆بصورتِ دیگر بہترین اور پڑھی لکھی ممکن ہو تو دارالمدینہ کی ٹیچرز مبلغہ جو اچھا بیان کرنے کی صلاحیت رکھتی ہوں ان کے ذریعے رکھا جائے، ضرورتاً بیان میں انگریزی الفاظ کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

☆کسی بھی سیشن، میٹ اپ، اجتماع، کورس وغیرہ کا تشہیری مواد بنانے کی اجازت نہیں ہے۔ تشہیری مواد پاک سطح سے حاصل کیا جائے جو عالمی سطح سے تفتیش شدہ ہوگا۔

## ﴿8﴾ میٹ اپ کے مدنی پھول

میٹ اپ صرف عالمی، ملک و صوبہ/ سٹی (اوورسیز ریجن)، ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح (شعبۂ تعلیم) کی اسلامی بہنوں کے شیڈول کے دوران ہوگی۔

میٹ اپ ڈاکٹرز، ٹیچرز، پرنسپلز اور یونیورسٹی سٹوڈنٹس کے درمیان ایک جیسی پوسٹ کا الگ الگ ہوگا۔

**میٹ اپ کا شیڈول**


| | |
|---|---|
| تلاوت | 3منٹ |
| نعت شریف | 5منٹ |
| بیان / درس قرآن کی سلیکٹ مبلغہ کے ذریعے درس قران | 26منٹ |
| ڈسکشن / انفرادی کوشش | 26منٹ |
| دعا | 8منٹ |
| صلوۃ سلام | 4منٹ |
| مجموعی دورانیہ | 72منٹ (1 گھنٹہ 12 منٹ) |

☆ ترغیبی بیان کے بعد اسلامی بہنوں سے ان کے شعبہ سے متعلق کلام کیا جائے۔ شرعی سوال وجواب نہ ہو۔ اسی دوران انفرادی کوشش و نیتیں لی جائیں۔

☆ میٹ اپ کے دوران ایک مَدَنِیّہ اسلامی بہن بھی موجود ہوں۔ میٹ اپ میں ضرورتاً INFORMATION Desk جیسے روحانی علاج، فیضان آن لائن اکیڈمی، شارٹ کورسز، دارالمدینہ، دارالافتاءاہلسنت، مکتبۃالمدینہ، اصلاح اعمال وغیرہ ان انفارمیشن ڈیسک پر پینافلیکس، standy وغیرہ لگائے جائیں۔ان شعبہ کی انفارمیشن ڈیسک سے متعلق پروفیشنلز کے درمیان تعارف کے ساتھ اعلانات کئے جائیں۔ اعلانات بہتر مواد کے ساتھ اس طرح تیار کئے جائیں کہ " الحمدللہ آپ کی سہولت کے لئے یہاں فلاں شعبے کا انفارمیشن ڈیسک لگاہے، یہاں فلاں فلاں سہولت مل سکتی ہے۔

☆ انفارمیشن ڈیسک پر بیٹھنے والی مبلغات نے اپنے شعبے سے متعلق Identy Card لگائے ہوئے ہوں۔

## ﴿9﴾ وِزٹ کے مَدَنی پھول :




☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)کے تحت منسلک اداروں سے وابستہ پروفیشنلز اسلامی بہنوں کووزٹ کروانے کا مقصد : دارالمدینہ / فیضان آن لائن اکیڈمی / مدرستہ المدینہ / جامعۃالمدینہ کے سسٹم اور دعوت اسلامی کی تعلیم کی راہ میں خدمت سے آگاہ کرنا ہے۔

﴿10﴾ پروفیشنلز اسلامی بہنوں کو"**دارالمدینہ میں پروفیشنل کے وزٹ کے مدنی پھول**" کے مطابق وزٹ کروایا جائے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ پروفیشنلز اسلامی بہنوں کو جب دارالمدینہ کا visit کروایا جاتا ہے تو عموماًوہ اپنے بچے اور بچیوں کے بھی دارالمدینہ میں داخلے کی خواہش کا اظہار کرتی ہیں اس کا طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنے بچے / بچیوں کے بھی دار المدینہ میں رجسٹریشن کروائیں اگر ان کا نام ایڈمیشن لسٹ میں نہ آئے تو جن کے ریفرینس سے visit کروایا جائے۔ (مثلاًمتعلقہ شعبۂ تعلیم ذمہ دار) اِن ہی کے ذریعے وہ یہ بات دار المدینہ کی شہر مجلس تک پہنچائیں کہ "آپ ایڈمیشن ڈپارٹمنٹ کے ایڈمیشن کروا دیجئے۔"

☆ دارالمدینہ میں اہم پروفیشنل کے بچوں کے لئے ایڈمیشنز اسٹارٹ ہوں تو رجسٹریشن کروائی جائے اور رجسٹریشن سلپ بھی سینڈ کر دی جائے۔

☆ یاد رہے!متعلقہ شخصیات اسلامی بہنوں کے بچے / بچیوں کا ایڈمیشن شرائط پر پورا اترنا بے حد ضروری ہے مثلاً جس کلاس میں ایڈمیشن لینا چاہتے ہیں اس کے مطابق مدنی بچے / مدنی بچیاں کی عمر ہونا اور ایڈمیشن ٹیسٹ میں کامیاب ہونا وغیرہ۔

☆ پروفیشنل کے ساتھ ملاقات کا شیڈول پہلے سے طے کر لیا جائے مثلاً

a) پرنسپل / ایڈمن اسٹاف سے ملاقات / تعارف۔
b) شعبہ تعلیم اور ادارے (دارالمدینہ کی خدمات پر پریزنٹشن)۔
c) طالبات کے تاثرات بنائے جائیں۔
d) موقع کی مناسبت سے پروفشنل پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے دارالمدینہ / جامعۃ المدینہ میں داخلے یا فیضان آن لائن اکیڈمی کے کسی کورس میں داخلہ لینے کا ذہن دیا جائے جاسکتا ہے۔
e) ریفرشمنٹ

f) تاثرات

g) اختتامی ملاقات / تحائف کا سلسلہ

h) نیتیں

i) اسی دن کے شیڈول کے مطابق اختتامی ملاقات اور نوعیت دینی کاموں میں شامل کرکے شعبہ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن کریں گی (اسکی پیشگی تیاری کی جائے۔)

j) ریفریشمنٹ، تاثرات اور تحائف، دارالمدینہ کی مجلس کی طرف سے کئے جائیں گے۔

☆ تعلیمی شخصیات اسلامی بہنوں کو دارالمدینہ visit کرواتے وقت ان باتوں کا خیال رکھا جائے کہ

a. **پروفیشنلز** اسلامی بہنوں کو صرف دارالمدینہ کا دینی ماحول دکھایا جائے۔ بہتر ہے کہ دارالمدینہ میں **پروفیشنلز** اسلامی بہنوں کو وزٹ کرواتے ہوئے دارالمدینہ کا introduction دارالمدینہ کی جانب سے مقرر کردہ تربیت یافتہ اسلامی بہن ہی کروائیں۔

b. دارالمدینہ کے سسٹم پر کوئی کلام نہ ہو۔

c. اگر **پروفیشنلز** خود سے سسٹم کے متعلق کوئی تفصیل طلب کریں تو حکمتِ عملی سے منع کردیا جائے۔

d. شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) ذمّہ داران (ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) / ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) "**دارالمدینہ میں پروفیشنلز اسلامی بہنوں کا وِزِٹ**" پُر کرکے ایک ہفتے قبل دارالمدینہ ذمّہ دار کو میل کردیں اور **پروفیشنلز** اسلامی بہنوں کو بھی ایک ہفتے بعد کا وقت دیا جائے۔


(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

e. **پروفیشنلز** اسلامی بہنوں کو دارالمدینہ وِزِٹ کے لئے وہ ہی اسلامی بہن لے کر جائیں جنہوں نے انہیں تیار کیا ہے۔ (یاد رہے شعبہ ذمّہ داران (تحصل / ٹاون (اوورسیز میں ڈویژن) / ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) سطح) کی ہی ہو)

﴿11﴾ شعبۂ تعلیم سے وابستہ قابل اسلامی بہنوں کو دارالمدینہ میں تدریس کے لئے ان کے کوائف ہر ماہ تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق "**دارالمدینہ میں تدریس کے لئے تیار ہونے والی 12 اسلامی بہنوں کے کوائف**" میں پُر کرکے شعبۂ تعلیم ذمہ دار (سرکاری ڈویژن سطح) کے ذریعے دارالمدینہ ذمہ دار اسلامی بہن (سٹی سطح) کو جمع کروائیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

**﴿12﴾ شعبۂ تعلیم و ماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) کے تحت اداروں میں متعلقہ اسلامی بہنوں کے ذریعے دینی کام کرنا**




☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) سے وابستہ اسلامی بہنوں کو دعوتِ اسلامی کے دینی کاموں میں عملاً شامل کریں انہیں ان کی اہلیت، صلاحیت، دلچسپی اور وقت دینے کے حساب سے تنظیمی ذمہ داریاں دی جائیں۔ (مدنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ 17،18 مئی 2013ء)

☆ مدنی مذاکرے کا سلسلہ 2025 میں شیخ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ فرماتے ہیں: جو تعلیمی ادارے میں جاب کرتا ہو تو وہ وہاں اس طرح اپنی دینی خدمت سرانجام دے سکتا ہے کہ

❖ دورانِ ڈیوٹی اللہ پاک و رسول و صلی علیہ وَاٰلِہٖ وسلم کے احکامات کی پابندی کرے۔

❖ ادارے کے حقوق شریعت کے دائرے میں رہ کر ادا کرے۔

❖ نماز کی پابندی کرے۔

❖ جن کے ساتھ کام کرتے ہیں اگر ان میں کوئی بے نمازی ہے تو انہیں نماز کی دعوت دے۔

❖ اگر کوئی نافرمانی والے کاموں میں مبتلا ہے مثلاً جھوٹ، غیبت وغیرہ تو انہیں موقع بموقع سمجھاتے رہیں۔

❖ اگر کوئی ایسی صورت ہو سکتی ہو کہ وقفے P.T میں فیضان سنت سے درس دیا جا سکتا ہو تو اس پر بھی عمل کیا جائے۔

الغرض اگر کام کرنے والا ہو تو راستے ہزار نکل سکتے ہیں۔

☆ اگر ہمارے کوائف کے مطابق ہو تو کوئی بھی تنظیمی ذمہ داری دے دی جائے یا پھر ان سے ان کے اپنے شعبے یا ادارے میں ان کے ذریعے کوئی دینی کام مثلاً (درس دینا، ڈونیشن بکس رکھوانا، ماہنامہ فیضان مدینہ کی سالانہ بکنگ کروانا، کُتب میلہ ( book festival) کا انعقاد کرنا۔

☆ مجلس شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) (ڈسٹرکٹ/زون/میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ سطح) جن اداروں میں مثلاً (اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز، انسٹیٹیوٹ، تعلیمی دفاتر سرکاری وپرائیویٹ میڈیکل کالجز، میڈیکل یونیورسٹیز و ہومیوپیتھک میڈیکل کالجز اور نیشنل کونسل فار ہومیوپیتھک وغیرہ) میں دعوتِ اسلامی کا دینی کام ہے وہاں بتدریج متعلقہ ادارہ ذمہ داران مقرر کی جائیں جو خاص اُسی شعبے سے تعلق رکھتی ہوں (مثلاً طالبہ، ٹیچر، پروفیسرز، پرنسپل، ڈاکٹرز) وغیرہ، جن کا کام اپنے آفیشل شعبے سے وابستہ خواتین پر ان کی نفسیات کے مطابق انفرادی کوشش کے ذریعے دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ کرنا ہے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، مجلس لیڈی ہومیوپیتھک) (ڈسٹرکٹ/زون/میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ سطح) پہلے مرحلے میں مذکورہ شعبہ جات پر مقرر اسلامی بہنوں میں جہاں آسانی ہو(ادارے/گھر) ہفتہ وار یا ماہانہ "**دینی حلقے**" کئے جائیں۔ ان دینی حلقوں میں اس شعبہ یا ادارے میں دینی کام شروع کرنے کے حوالے سے وقتاً فوقتاً ان کی رہنمائی اور تربیت فرماتی رہیں یہاں تک کہ وہ اس دینی کام میں فعال ہو جائیں۔

☆ پروفیشنل کو مدنی چینل کا مقبول روحانی سلسلہ مدنی مذاکرہ دیکھنے اور اس سے متعلق سوالات ریکارڈ کروانے کی ترغیب دلائی جائے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک)(ڈسٹرکٹ/زون/ میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ سطح)مذکورہ شعبہ جات پر مقرر اسلامی بہنوں کو پروفشنلز کے گھروں میں ہفتہ وار یا ماہانہ "**دینی حلقے**" کرنے کی ترغیب دلائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز لیڈی ہومیوپیتھک) کے کسی ادارے سے وابستہ کوئی شخصیت اسلامی بہن مبلغہ ہو تو ان کے ذریعے ان کے رہائشی ذیلی حلقے/ وارڈ / یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) کے اداروں میں ان کے ذریعے درس کروایا جاسکتا ہے۔

☆ مختص کی گئی درسِ قرآن مبلغات کے ذریعے پروفیشنلز کے گھر محفل نعت و اداروں وغیرہ میں ضرور تا درسِ قرآن کروائے جائیں۔

﴿13﴾ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) کے تحت منسلک اداروں سے وابستہ اسلامی بہنیں جو اپنے اداروں میں دینی کاموں میں معاونت کر رہی ہیں، ان کی معلومات اور اداروں میں دینی کام کی نوعیت یہ تفصیل " **شعبۂتعلیم وماتحت شعبہ جات، مجلس لیڈی ڈاکٹرز، مجلس لیڈی ہومیوپیتھک، سے منسلک اداروں میں دینی کام کرنے والی اسلامی بہنوں کی تفصیلات**" یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح اس فارم کے ذریعے اپنے پاس محفوظ فرمائیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ بہتر ہے کہ " شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) کے ماہانہ کارکردگی فارم " میں سے جن دینی کاموں کی ان کے شعبے لحاظ سے کرنا ممکن ہو، دینی کام سمجھا کر ہر ماہ کارکردگی لی جائے پھر اُسے ڈسٹرکٹ/زون/میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) سطح کی کارکردگی میں شامل کر لیا جائے۔

b. **ادارہ منسلک کرنا**


﴿14﴾ **شعبۂتعلیم وماتحت شعبہ جات، مجلس لیڈی ڈاکٹرز، مجلس لیڈی ہومیوپیتھک، کے اداروں میں دینی کام کا طریقۂ کار:**

☆ کسی بھی نئے ادارے میں جانے سے پہلے appointment پیشگی اطلاع کے ساتھ ہی جایا جائے۔ ساتھ ہی آئی ڈی کارڈ NICضرور رکھا جائے تاکہ اداروں میں داخلے میں پیش آنے والے مسائل سے بچا جاسکے۔

☆ ادارے میں داخلے کے وقت اگر مبلغہ مَدَنی برقع میں ملبوس ہو اور اگر پہچان کے لئے مَدَنی برقع اٹھانے کے لئے کہا جائے تو بحث نہ کی جائے اور مَدَنی برقع اٹھا کر پہچان کروادی جائے لیکن مَدَنی برقع کے نیچے نقاب کا ہونا ضروری اور ضروری ہے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز لیڈی ہومیوپیتھک)کے تحت اداروں کو منسلک کرنے کے لئے درج ذیل دینی کاموں میں سے کوئی ایک بھی دینی کام ہونے کی صورت میں وہ ادارہ منسلک ادارے کہلائے گا۔ 1: درس ہونا، 2: درس اجتماع ہونا، 3: محفل نعت ہونا، 4 کتب ورسائل اور ماہنامہ فیضان مدینہ کالٹریچر ڈسپلے کرنے کی اجازت ملنا، 5: نیک اعمال تقسیم و وصول کرنا، 6: مدرسۃ المدینہ بالغات کا شروع ہونا، 7: انفرادی کوشش کی اجازت مل جانا، 8: شارٹ کورسز کا انعقاد ہونا، 9: اداروں میں ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کے لئے جگہ، 10: ڈونیشن بکس رکھوانا، 11: اداروں میں دینی حلقہ لگانا 12 ایونٹ کلینڈر کے سیشنز۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ داران (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تاڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) نوعیت کے اعتبار سے دینی کاموں کو کیا جائے کسی بھی اسلامی بہن (جو پہلے سے دعوت اسلامی سے منسلک نہ ہوں) پہلی ملاقات میں ڈونیشن ، بیعت ، دینی کاموں کا ذہن نہ دیا جائے بلکہ حکمت عملی سے اسلامی بہنوں کو قریب کرنے اور ان کی ذہن سازی کے بعد ڈونیشن ، بیعت ، دینی کاموں کا ذہن دیا جائے۔




☆ اداروں میں دینی حلقہ اور ملاقات وغیرہ کے دوران شخصیات اسلامی بہنوں اور متعلقہ ادارے سے وابستہ اسلامی بہنوں کو تحفۃً رسائل دیتے وقت اگر کوئی غیر مسلم ہو اور ان کو اسلامی کُتب ورسائل دینے میں بے ادبی اور توہین کا اندیشہ نہ ہو تو ان کو (غیر مسلم) کو کتب ورسائل دینے میں کوئی حرج نہیں، المدینۃ العلمیہ اور مکتبۃ المدینہ کی جانب سے شائع کردہ کتب ورسائل عموماً دینی، اصلاحی اور اخلاقی تربیت کے عنوانات پر مشتمل ہوتے ہیں جن کا پڑھنا غیر مسلم کے لئے بھی مفید ہے، ہو سکتا ہے کہ کسی کتاب کو پڑھنے کی برکت سے اللہ پاک اس کو دولتِ ایمان سے سرفراز فرمادے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) کے تحت اگر کسی تعلیمی ادارے میں المدینۃ العلمیہ ، مکتبۃ المدینہ کے کتب ورسائل شامل نصاب ہوں تو شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز لیڈی ہومیوپیتھک) ذمّہ داران اپریل میں اس کی سالانہ کارکردگی (کتنے اسکولز میں، کون کون سی کلاسوں، میں، کون کون سی کتاب نصاب میں شامل ہے وغیرہ) پیش کریں۔

☆ اگر کسی ادارے کے سربراہان کوئی کتاب یا رسالہ نصاب میں شامل کرنے کے لئے طلب کریں تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) ذمّہ دار (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) سے رہنمائی لے کر کیا جائے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران کو چاہیئے کہ اسکولز وغیرہ کے سربراہان کو یہ مشورہ دیں کہ درج ذیل رسالے بچوں کے نصاب میں شامل کریں۔(i) نور والا چہرہ (ii) فرعون کا خواب (iii) جھوٹا چور (iv) دودھ پیتا مدنی منّا (v) بیٹا ہو تو ایسا۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) کے تحت جن شخصیات اسلامی بہنوں سے ملاقات ہوئی یا متعلقہ شعبہ جات کے تحت جن اداروں میں دینی کام ہوئے۔(مثلاً شخصیات اسلامی بہنوں کے درمیان دینی حلقہ، درس ودرس اجتماعات، محفل نعت، ڈاکٹرز میں سنتوں بھرے اجتماعات اور وزٹ کروانا وغیرہ) اس نیت کے ساتھ کہ دعوتِ اسلامی کی نیک نامی بڑھے ، دینی کام کی نوعیت، ملاقات کی تفصیلات اور دعوتِ اسلامی کے بارے میں ملنے والے تاثرات فارمیٹ کے مطابق پُر کر کے ہر ماہ **"ماہنامہ فیضانِ مدینہ"** کے لئے بھجوائے جائیں۔ دینی خبر کی تیاری کے لئے **"ماہنامہ فیضانِ مدینہ"** میں آنے والی خبروں سے مدد لی جاسکتی ہے۔

## ﴿15﴾ ایونٹ کلینڈر کے سیشنز:

☆ ایونٹ کلینڈر سے مراد پورے اسلامی سال کے اسلامی وقومی و بین الاقوامی اہم دنوں کے مطابق پہلے سے تربیت سیشنز ہیں جن کا مواد دارالافتاء سے تفتیش کے بعد تمام ذمہ داران تک بڑھایا جاتا ہے۔(ایونٹ کلنڈر ہر سال کا مختلف ہوگا)

☆ منسلک ونئے اداروں اور آن لائن اکیڈمی پروفیشنلز واسٹوڈنٹس میں ایونٹ کلینڈر کے سیشنز کروائیں جائیں۔

☆شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ دار / مبلغہ کے پاس انتظامات ہوں اورادارے والے تعاون فرمائیں تو تعلیمی اداروں میں دعوت اسلامی کی سوشل ویب سائٹ پر موجود دیگر animated وڈیو گلدستوں کے لنکس نیز "غلام رسول کے مدنی پھول" بھی دکھائے جائیں۔بصورتِ دیگر انتظامیہ کو اس بات کی ترغیب دلائی جائے کہ ادارے کی ہی لیب انچارج کے ذریعے کمپیوٹرلیب یونٹ میں اسٹوڈنٹس / طالبات کی تربیت کے لئے انہیں یہ مختصر وڈیوگلدستے دکھائے جاسکتے ہیں۔

☆مختلف ایونٹس پر ضرورت کے مطابق درسِ قرآن مبلغات کے ذریعے درس قرآن کروایاجائے۔

☆ ہر ماہ پرائمری اسکول میں غلام رسول کے وڈیو کلپ کے ذریعے سیشنز رکھے جائیں مکمل سیشنز شیڈول کے مطابق کیے جائیں

| | |
|---|---|
| پرائمری اسکول سیشن | تلاوت 5 منٹ |
| | نعت 10 منٹ |
| | وڈیو کلپ 15 منٹ |
| | وڈیو کلپ سے سوال جواب 20 منٹ |
| | دعا 5 منٹ |
| | صلوۃ وسلام 5 منٹ |
| | کل دورانیہ 60 منٹ |

☆ اگر کسی ادارے میں ہمیں سیشنز کرنے کی اجازت ملے لیکن ادارے والے کہیں کہ ہم اس سیشن کو فیس بک پر live stream کرنا چاہتے ہیں تو پھر ہماری مبلغہ وہاں بیان نہ کریں بلکہ ممکنہ صورت میں کسی ریجن نگران / شورٰی یا مفتی صاحب کا بیان کی ترکیب بنوادیں اپنے شعبے کے عالمی سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن کے ذریعے یہ یہ کام کرناہو گا خود اس کے کرنے کی اجازت نہیں۔

☆ جہاں انتظامیہ اس بات پر تعاون کا فرمائیں تو بعد میں شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ دار اس بات کا فالو اپ بھی رکھیں کہ کیا ترکیب بن گئی؟ اور جب دوبارہ شیڈول بنے تو اس کے بارے میں اسٹوڈنٹس / طالبات سے تاثرات بھی معلوم کئے جائیں۔اور ہر ملاقات پر مزید نئے لنکس بھی share کئے جائیں۔

## ﴿16﴾ **اداروں میں درس اجتماع**:

☆ وقتاً فوقتاًعلاقے کی بہترین مبلغات کے ذریعے مختلف اداروں (اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز،انسٹیٹیوٹ ، تعلیمی دفاتر سرکاری و پرائیویٹ میڈیکل کالجز ،میڈیکل یونیورسٹیزو ہومیوپیتھک میڈیکل کالجز اور نیشنل کونسل فارہومیوپیتھک وغیرہ) میں دینی ماحول بنانے کے لئے کسی بھی مناسب مقام پر (درجے کے کمرے، اسمبلی ہال، لائبریری، tea room وغیرہ میں) ماہانہ یا ہفتہ وار درس اجتماع مدنی مرکز کے عطاکردہ مدنی پھولوں کے مطابق منعقد کیاجائے۔

☆ اداروں میں مختص کی گئی / درس قرآن مبلغات کے ذریعے درس قرآن کروایاجائے۔

☆ اداروں میں درس یا درس اجتماع کے لئے ایسی مبلغات کو بھیجا جائے جن کا "**مبلغہ کے 30 مدنی پھول**"پر مکمل عمل ہو۔(یادر ہے اداروں میں درس کے لئے مبلغہ کو ہی بھیجا جائے معلمہ کو نہ بھیجا جائے)

(یہ پیپر زیکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ کسی ادارے میں سیشن / درس اجتماع کرتے وقت یہ بات پہلے سے طے کرلی جائے کہ وہاں کوئی ہماری وڈیو نہیں بنائے گا۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ دار(یوسی / سیکٹر(اوورسیز میں ڈویژن) تاڈویژن(اوورسیز میں زون) سطح) اداروں میں درس دینے والی مبلغات کو "**مَدَنی پھول برائے مبلغہ**"،**مبلغات کے لئے تربیتی نکات**"،" **دعوتِ اسلامی کی چند تنظیمی اہم اپڈیٹس (پاکستان)**"،"**مَدَنی بہار فارم**" اچھی طرح سمجھا کردیں۔

(یہ تمام پیپرزریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ مبلغات کی اس حوالے سے پہلے سے تربیت کی جائے کہ کن موضوعات پر بیان کرنا ہے،کن موضوعات پر ابھی بیان نہیں کرسکتے ،دعا میں کیا شامل کرنا فی الحال مناسب نہیں(جیسے ذکر مرشد)انفرادی کوشش کن چیزوں کے لئے کی جاسکتی ہے؟کن پر نہیں؟ (جیسے ڈونیشن وغیرہ)

☆ ہر مبلغہ کے ساتھ نائب مبلغہ بھی ہو جو مبلغہ کے ساتھ خیر خواہ کے فرائض سر انجام دیں۔(یعنی اسلامی بہنوں کو مسکرا کر نرمی کے ساتھ درس میں شرکت کی درخواست کریں)

☆ یومیہ درس ادارہ ذمہ دار کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔

☆ اداروں میں درس اجتماع شروع کرنے کے لئے شرکاء کی کوئی تعداد متعین نہیں خواہ کتنی ہی کم تعداد ہو درس شروع کر دیا جائے۔

☆ تمام اداروں میں درس "**فیضانِ سنت سے درس دینے کا طریقہ**(اسلامی بہنوں کے لیے)" کے مطابق ہی کیا جائے۔(یہ پیپر زیکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ کوئی ادارہ ایسا ہو کہ جہاں نیچے زمین پر بیٹھنا ممکن نہ ہو تو بینچ یاChair پر بیٹھ کر درس کیا جاسکتا ہے۔

☆ اگر ادارے والے زیادہ وقت دیں تو درج ذیل شیڈول کے مطابق درس اجتماع کیا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| **شیڈول** | تلاوت | 2منٹ |
| | نعت شریف | 3منٹ |
| | بیان | دورانیہ کے لحاظ سے کیا جائے ۔(مثلاً کہیں12منٹ،19منٹ،25منٹ کی اجازت ملے) |
| | دعا | 4منٹ |
| | صلوٰۃ وسلام | 3منٹ |
| | کل دورانیہ | کم و بیش24 (ڈبل بارہ) سے لے کر35منٹ ہو۔ |

(“**اداروں میں درس/بیان کے موضوعات اور مخصوص ماہ کی مناسبت سے درس/ بیان کے موضوعات**(**شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات**(**لیڈی ڈاکٹرز،مجلس لیڈی ہومیوپیتھک**)"ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ ہر ماہ مبلغات درس یا درس اجتماعات کی مکمل کارکردگی پیش کریں مثلاً کتنی اساتذہ،طالبات واسٹاف،لیڈی ڈاکٹرز،پیرامیڈیکل اسٹاف ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کی پابند ہوئیں ؟،کتنی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ سے بیعت ہوئیں؟ کتنی کو رسائل پہنچائے گئے؟ کتنی نے مدرسۃ المدینہ (بالغات / آن لائن) میں داخلہ لے لیا؟ وغیرہ۔ نیز ہر ماہ مبلغات کی بہترین کارکردگی پر انہیں "تحفہ "(تحریری مواد، / میموری کارڈ وغیرہ) دیں۔

☆ شعبۂ تعلیم کی ذمہ داران (یوسی / سیکٹر(اوورسیز میں ڈویژن تا ملک سطح) مہینے میں ایک یا دو بار مبلغہ کے ساتھ درس یا درس اجتماع میں شرکت فرمائیں (تاکہ انتظامیہ کو تشویش نہ ہو)اور مدنی پھولوں کے مطابق تمام معاملات پر غور فرمائیں کمزوریاں ہونے کی صورت میں احسن انداز میں مبلغہ وادارے والوں کی تفہیم فرمائیں۔

☆ جن اداروں میں درس یا درس اجتماع ہوتا ہے ان کے علاوہ نئے اداروں میں جاکر درس یا درس اجتماع شروع کروانے کی کوشش کی جائے۔

☆ یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) کی وہ مبلغات جو انفرادی کوشش کے باوجود اداروں میں درس دینے کے لئے تیار نہیں ہوتیں تو شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران (یوسی / سیکٹر(اوورسیز میں ڈویژن) تاڈویژن(اوورسیز میں زون سطح) ان پر انفرادی کوشش فرمائیں۔

☆ اداروں میں درس وبیان اسی صورت میں کیا جائے جب منتظمین کی طرف سے ہر لحاظ سے پردے کی مکمل یقین دہانی کروائی جائے۔(مثلاً آواز کی بھی بے پردگی نہ ہو،ٹینٹ وغیرہ میں یاOpen Area میں نہ کیا جائے اور نہ ہی مردوں کی آمدورفت ہو)

☆ اگر اداروں میں مدنی برقع پہن کر جانے میں مشکل ہو تو شرعی پردے کے ساتھ اداروں میں جایا جائے۔

☆ جن اداروں میں کیمرہ نصب ہوں وہاں پر مبلغہ درس دینے کے لئے نقاب کے ساتھ ایسی جگہ منتخب کریں جو سیکیورٹی کیمرہ کے view میں نہ آتی ہو،اس کے لئے سیکیورٹی کیمرہ جہاں نصب ہو اس کے نیچے کھڑے ہونے سے کیمرہ کے view میں آنے سے بچا جاسکتا ہے۔ سیکیورٹی کیمرہ صرف تصویر یاmovie ہی capture کر رہا ہوتا ہے۔ اس میں آواز ریکارڈ نہیں ہو رہی ہوتی۔ لیکن احتیاطاً معلوم کر لیا جائے کہ آواز ریکارڈ تو نہیں ہوتی ؟

☆ اگر کوئی ایسا ادارہ جہاں ایک سے زیادہ مقامات پر سیکیورٹی کیمرہ نصب ہوں وہاں انتظامیہ سے پہلے اس حوالے سے معلوم کر لیا جائے اور ادارے والوں کے ساتھ باہمی اعتماد اور مشاورت کے بعد اگر ممکن ہو تو کوئی ایک ایسا مقام منتخب کر لیا جائے جس کا کیمرہ آف کرنے سے سیکیورٹی کا کوئی بھی ایشو نہ بنتا ہو تو اس کو آف کروالیا جائے، لیکن یہ کام بہت ہی حکمت عملی کے ساتھ کیا جائے۔

☆ ایسے ادارے جہاں غیر قانونی کام ہوتا ہے وہاں درس یا درس اجتماع نہ کیا جائے

☆ اگر کسی ادارے میں ہمارا درس کی جاری ہو اور اونر اہل تشیع ہو تو اگر فتنے فساد کا اندیشہ ہو تو درس نہ کیا جائے۔

☆ جن اداروں کے سربراہان مرد ہوں وہاں درس یا درس اجتماع شروع کرنے کی اجازت لینے کے لئے شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ دار اسلامی بہن(یوسی/ سیکٹر(اوورسیز میں ڈویژن) سطح) محرم کے ذریعے نگرانِ یوسی/ سیکٹر(اوورسیز میں ڈویژن)مشاورت (اسلامی بھائی) کے ذریعے وقت، دن مقرر کروائیں۔ بصورت دیگر نہ کریں۔

☆ درس یادرس اجتماع کے لئے ادارے کی انتظامیہ سے مشاورت کے بعد جو دن اور وقت مقرر ہو اسی دن اور وقت پر ہی کیا جائے نہ تو بار بار دن تبدیل کریں اور نہ ہی ناغہ کریں نیز جن اداروں میں درس یا درس اجتماع ہو وہاں مکتبۃ المدینہ (للبنات) کے بستے لگائے جائیں اور رسائل، کتب، / میموری کارڈ وغیرہ اسی قیمت پر فروخت کریں جس قیمت پر مکتبۃ المدینہ سے حاصل ہو۔

☆ مکتبۃ المدینہ کے کتب ورسائل کو پڑھنے کی ترغیب بھی دلائیں اور ہوسکے تو اداروں (اسکولز، کالجز اور یونیورسٹیز، میڈیکل کالجز کی لائبریری، کلینک، اسپتال وغیرہ) میں دعوتِ اسلامی کے کلرڈ رسائل وکتب، بالخصوص ماہنامہ فیضان مدینہ رکھوائے جائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) ذمّہ داران کو چاہئے کہ جن تعلیمی اداروں میں دعوت اسلامی کے تحت درس یادرس اجتماع ہو وہاں امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے کلام "اے خدا پاک وطن کی تو حفاظت فرما" بھی پڑھا جائے۔ ۔ اسمبلی کے وقت (قومی ترانے سے قبل یابعد) پڑھا جائے تو خوب دینی ودنیاوی برکات حاصل ہوں گی کیونکہ ہمارا حسنِ ظن ہے کہ یہ ایک ولی کامل کے قلم سے تحریر کردہ کلام ہے جو انہوں نے وطنِ عزیز کی محبت میں سرشار ہوکر تحریر فرمایا۔

☆ اسکولز / کالجز / غیرہ میں درس ممکنہ صورت میں الگ الگ کلاسوں / درجوں میں ہو اور اگر بہتر کارکردگی سامنے نہ آئے تب بھی ہمّت نہ ہاریں، بالخصوص پرنسپل، ٹیچرز، ناظمات، معلمات، مدرسات وغیرہ پر انفرادی کوشش کا سلسلہ جاری رکھیں۔

☆ ایسے تعلیمی ادارے جہاں boys & girls کی کلاسز ساتھ ساتھ ہوں ایسی صورت میں مبلغہ کلاس تھری 3rd تک تو درس دے سکتی ہیں۔ کلاس فورتھ سے 4th صرف گرلز سیکشنز میں ہی درس دیا جائے۔

☆ اسکولز کی وہ چھوٹی کلاسز یا درجات جن کی بچیاں سمجھدار ہوں (یعنی اچھے بُرے کی پہچان رکھتی ہوں) ان کلاسز میں بھی درس اجتماع کا انعقاد کیا جائے۔

☆ ان سمجھدار بچیوں کے درمیان امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے رسائل نور والا چہرہ، فرعون کا خواب، بیٹا ہو تو ایسا، جھوٹا چور، دودھ پیتا مدنی منّا اور کتاب فیضانِ سنت کے باب فیضانِ بسم اللہ سے درس دیا جائے

☆ یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) کے تمام تعلیمی اداروں میں درس یا درس اجتماع کی اجازت کے لئے انفرادی کوشش کریں۔ (یادرہے! درس شروع کروانے کے لئے کسی "اجازت نامے" کی حاجت نہیں ہے)

☆ جن اداروں میں درس یا درس اجتماع کیا جائے وہاں کی سربراہان (خواتین) کو شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ دار اسلامی بہن کے اور شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ دار اسلامی بہن کو سربراہان (خواتین) کے رابطہ نمبر زدے دیئے جائیں تاکہ حسب ضرورت رابطہ کیا جاسکے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ داران (یوسی/ سیکٹر(اوورسیز میں ڈویژن) تالک سطح) کے پاس ان کے زیر حدود تمام اداروں مثلاً اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز، اکیڈمیز، ٹیوشن سینٹرز، کلینکس، اسپتال، سُنّی مدارس و جامعات وغیرہ کے ناموں کی فہرست موجود ہوں تاکہ پوچھ گچھ (Follow Up) ہوسکے کہ کہاں درس یا درس اجتماع ہو رہا ہے، کہاں نہیں اور کن نئے اداروں میں درس یادرس اجتماع شروع کروانا ہے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز لیڈی ہومیوپیتھک)کی ذمہ داران تمام مبلغات کی فہرست بھی بنائیں تاکہ اداروں میں جانے والی مبلغات کی پوچھ گچھ (Follow Up) کی جاسکے اور مزید مبلغات پر انفرادی کوشش کرکے انہیں آگے لایا جاسکے۔

☆ اگر ادارے کی سربراہان نعت خوانی وغیرہ کی جج منٹ (judgment) کے لئے شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (سنّی عالمات، لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) ذمّہ داران کو بلائیں تو جانے کی اجازت نہیں۔

☆ اگر کوئی ادارے والے کہتے ہیں کہ آپ ہمیں (Permission Letter) اجازت نامہ دیں تو ایسی جگہوں میں کسی ذریعے سے وہاں کی ایسی ٹیچر، پرنسپل، طالبہ، ڈاکٹر، پیرامیڈیکل اسٹاف (جن کو ہماری کوئی اسلامی بہن جانتی ہوں) کے ساتھ جائیں۔ ضروری نہیں ہے کہ درس یادرس اجتماع ہی کیا جائے نوعیت کے حساب سے دینی کام کیا جائے۔

☆ ایسی پڑھی لکھی اسلامی بہنیں جو گھر میں رہتے ہوئے آن لائن دینی کام کرنا چاہتی ہیں، وہ شعبۂ تعلیم میں درج ذیل فرائض سرانجام دے سکتی ہیں

- اردو کمپوزر (composer)

- کنٹنیٹ رائٹر (content writer)
- سیشن مینجر (online session manager)
- کمیونٹی ڈیپارٹمنٹ (community department)

اسلامی بہنوں سے ان کی صلاحیت ودلچسپی کے مطابق کام لیا جائے۔ یہ تمام اسلامی بہنیں پاک سطح آن لائن ٹیمز کا حصہ ہونگی۔ کنٹنیٹ رائٹر اسلامی بہن کا مدنیہ ہونا جبکہ سیشن مینجر کے پاس لیپ ٹاپ کی سہولت میسر ہونا لازمی ہے۔ کمیونٹی ڈیپارٹمنٹ کا کام رابطے میں آنے والی اسلامی بہنوں کے ساتھ رابطے کرنا، سیشنز میں شرکت کی ترغیب دلانا و کورسز وغیرہا کے دوران معاونت کرنا ہے۔

## ﴿17﴾ اداروں میں مدرسۃ المدینہ (بالغات)

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (رابطہ بالعالمات، لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ دار اسلامی بہن (یوسی/ سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) اداروں میں مدرسہ لگانے کی اجازت ملنے کی صورت میں بہتر ہے کہ تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق مدرسۃ المدینہ (بالغات) ذمّہ دار (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) کے ذریعے اجیر مُدرِّسہ کے ذریعے مدرسۃ المدینہ (بالغات) کا درجہ لگایا جائے۔

☆ شیڈول کے مطابق اداروں میں 1 گھنٹہ 12 منٹ مدرسۃ المدینہ (بالغات) کا درجہ لگایا جائے اگر ادارے والے کم وقت کا کہیں تو پڑھنے والیوں کی تعداد کو پیشِ نظر رکھ کر شیڈول کے مطابق ہی عمل کرنے کی کوشش کی جائے لیکن دورانیہ 30 منٹ تو ضرور ہو۔ (شیڈول: نیتیں: 3 منٹ، تجوید سکھانا: 27 منٹ، کل دورانیہ: 30 منٹ) (یاد رہے صرف وہی مدرّسہ پڑھائے جو مدرسہ بنات سے OK ہو چکی ہوں)

☆ ادارے سے وابستہ ایسی پروفیشنلز جو ملازمت یا تعلیم وغیرہ کرنے کے سبب مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں شرکت نہ کرسکیں اور بعدِ مغرب قرآنِ پاک پڑھنے کے لیے مبلغہ کو بلائیں تو بعدِ مغرب جانے کے لیے معذرت کرلی جائے اور انہیں فیضان آن لائن اکیڈمی میں evening class میں داخلہ لینے کی ترغیب دلا دی جائے۔

☆ کسی اسکول میں اگر مدرسۃ المدینہ (بالغات) کا درجہ ہو اور پڑھنے والیوں میں بچیاں اور بالغات دونوں شامل ہوں تو پھر وہاں 2 مدرسات کو بھیجا جائے جن میں سے ایک بچیوں کو اور ایک بالغات کو پڑھائے۔

☆ اگر کسی اسکول وغیرہ میں تجوید کی درستی کے لئے ہماری مُدرسہ کو بلایا جائے تو انہیں بھیجا جاسکتا ہے تاکہ مدرسات کے ذریعے ان اسکولز میں بھی دعوتِ اسلامی کا دینی پیغام پہنچایا جاسکے اور اگر مُدَرِسہ کا معاشی مسئلہ ہو تو وہ بھی حل ہو جائے۔

☆ پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے تعلیمی اداروں (گورنمنٹ/ پرائیوٹ) میں ناظرہ وترجمۂ قرآن کی تعلیم لازمی قرار دی گئی ہے۔ ان تمام تعلیمی اداروں میں درست مخارج کے ساتھ تعلیم قران عام کرنے، مستند ترجمۃ القرآن رائج کرنے، آنے والی نسلوں کی تربیت کے لئے ایک وسیع پلیٹ فارم حاصل کرنے کا سنہری موقع میسر آرہا ہے۔ شعبۂ تعلیم ذمہ دار اداروں میں مدرسۃ المدینہ (بالغات) کی مُدرسہ کو ہی بھیجنے کی کوشش کریں۔ اور اس کی تربیت مدرسۃ المدینہ (بالغات) ذمہ دار و شعبۂ تعلیم کی ذمہ داران کریں۔

☆ جامعۃ المدینہ اور مدرسۃُ المدینہ ذمہ دران سے متعلقہ ایریا میں مدرسات نہ ہوں وہاں لٹریچر (معرفۃ القرآن، مدنی قاعدہ) کا انتظام کیا جائے۔ انتظام ہونے کے بعد شعبہ تعلیم (ڈویژن /صوبہ/ سٹی (اوورسیز میں زون/ ریجن اوورسیز) ذمہ دار) تمام ریکارڈ محفوظ رکھیں۔ (کن اداروں میں مدرسۃ المدینہ کے لٹریچر کی) اور اپنے شعبے کے کام انداز و حکمت کے تحت ضرور سیشنز/ دینی کام کریں (انہیں مدرسات سے بطور ادارہ کام لیا جائے گا)۔ یاد رہے تمام انتظامات حکمت عملی کے مطابق neutral انداز کے مطابق ہو۔ ادارے کی طرف سے یہ concern پرابلمز فیس نہ کرنی پڑیں کہ آپ کسی خاص مسلک / تنظیم کو پروموٹ (promote) کردینگے (اس حوالے سے ذمہ داران ملاقات و مدرسات تدریس کے دوران بالخصوص خیال رکھیں۔ جذبات سے نہیں حکمت عملی کے تحت کام بڑھایا جائے)۔ شعبہ تعلیم ذمہ دار ہر ماہ مدسات ادارہ ذمہ داران سے کارکردگی وصول کریں گی۔ وقتاً فوقتاً تربیت بھی فرمائیں (کام اور انداز پراثر ہو کہ ہمارے لئے دروازے کھلتے چلے جائیں)۔

## ﴿18﴾ ہفتہ وار اجتماع برائے پروفیشنلز

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) ذمّہ داران ہر یوسی/ سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) میں اتوار کے دن یوسی/ سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح پر ہفتہ وار اجتماع برائے پروفیشنلز کیا جائے جس میں اداروں (مثلاً اسکولز، کالجز، یونیورسٹز، وغیرہ) سے وابستہ اسلامی بہنوں کو شرکت کی ترغیب دلائی جائے۔

☆ ہر سطح کی شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمّہ داران ہفتہ وار اجتماع برائے پروفیشنلز میں ہی شرکت کریں۔۔(یہ اجتماع اتوار کے دن دوپہر میں بھی ہوسکتے ہیں)۔

☆ ہفتہ وار اجتماع برائے پروفیشنلز میں تلاوت تا صلوٰۃ وسلام شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات لیڈی ڈاکٹرز لیڈی ہومیوپیتھک)ذمّہ داران(یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تاڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) سطح)اور وہ معلمات ومبلغات نیز دارالمدینہ کی وہ ٹیچرز جو باآسانی اتوار کے دن آسکتی ہوں (پھر انہیں ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع(عمومی)کا پابند نہ کیاجائے) کو شرکت کروائی جائے۔

☆ ہفتہ وار اجتماع برائے پروفیشنلز کسی ادارے مثلاً مدرسۃ المدینہ / جامعۃ المدینہ وغیرہ کی جگہ پر منعقد کیا جائے۔کیونکہ اتوار کے دن گھروں میں محارم ہوتے ہیں۔(اور اگر کوئی پروفیشنل اپنا اسکول / تعلیمی ادارہ سنّتوں بھرا اجتماع کرنے کے لئے دیں اور یہ ادارہ مدنی پھولوں کے مطابق ہو تو وہاں "ہفتہ وار سنّتوں بھرا اجتماع برائے پروفیشنل "کیا جاسکتا ہے)

☆ ہفتہ وار سنّتوں بھرا اجتماع برائے پروفیشنلز کا شیڈول وہی ہے جو ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع کا ہے **"کارکردگی برائے ہفتہ وار سنُتوں بھرا اجتماع"** شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمّہ دار اسلامی بہن (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی) سطح) پُر فرمائیں اور اس کو شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمّہ دار اسلامی بہن (تحصیل / ٹاون (اوورسیز میں ڈویژن سطح) کو جمع کروائیں۔یہ پیپر "مدنی پھول برائے ہفتہ وار سنّتوں بھرا اجتماع" میں دیا جاچکا ہے)

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمّہ دار(یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح)اداروں میں درس دینے والی(مبلغات)کو ساتھ لے کر ہفتہ وار اجتماع برائے پروفیشنلز سے ایک دن قبل نیکی کی دعوت "مدنی پھول برائے علاقائی دورہ"میں موجود طریقہ کار کے مطابق بنائیں۔

## ﴿19﴾ ذمہ داران کی تقرری:

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(سنّی عالمات ،لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)کے دینی کام کے لئے ذمہ داران کا تقرر ادارہ ذمہ دار تا عالمی سطح ہے۔

☆ہر سطح کی شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ دار اسلامی بہن حلم وبردبار،اطاعت گزار،ملنسار،وفادار،باکردار،بااخلاق، سلجھی ہوئی ، سنجیدہ، تعلیم یافتہ،Speaking Power رکھنے والی ،خوداعتماد،احساس ذمہ داری رکھنے والی،شرعی پردہ کرنے والی،ذاتی دوستیوں سے بچنے والی، نیک اعمال کی عاملہ ،دعوت اسلامی کے مَدَنی اصولوں کی آئینہ دار اور سیاسی معاملات (ہڑتال،احتجاج وغیرہ)پر تبصرہ کرنے سے بچتی ہو،مَدَنی مشوروں اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے کی پابند الغرض سراپا ترغیب ہو یعنی عملی طور پر دینی کاموں میں شریک ہو اور دینی ماحول سے وابستگی کی مدت کم از کم 26ماہ ہو۔بہتر ہے کہ صاحبِ حیثیت ہو۔ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (سنّی عالمات ،لیڈی ڈاکٹرز لیڈی ہومیوپیتھک) ((یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح)یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اوراپنی شعبہ ذمہ دار کے ماتحت ہوں گی۔

☆ کسی بھی بڑی سطح پر ذمہ داران کا تقرر کرتے وقت بہت ابتدائی سطح کی ذمہ دار کو نہ لیا جائے کیونکہ اس طرح کام سمجھانے میں دشواری ہوتی ہے۔

☆ فرمانِ مصطفی صلَّی اللہُ علیہ والہ وسلَّم ہے: **"جب نااہل کو کام سُپرد کیا جائے تو قیامت کا انتظار کرو"**۔(صحیح بخاری، کتاب العلم، حدیث50)

☆ کسی بھی سطح پر اور کسی بھی شعبے پر اسلامی بہن کا تقرر صرف اس بناء پر نہ کیا جائے کہ ان کے محرم (اسلامی بھائی) اس شعبے کے ذمہ دار ہیں بلکہ یہ دیکھا جائے کہ کیا وہ اسلامی بہن اس کام کی اہل ہیں؟

11 مئی 2009 کے نگران شورٰی کے مَدَنی مشورے میں یہ مَدَنی پھول بھی موجود ہے کہ: **"اہل اور ہم ذہن کو دینی کام دیئے جائیں"**۔

☆ یاد رہے **"ہر نیا کام اپنی ذمہ دار سے پوچھ کر کرنا ہوتا ہے"، "مدنی مرکز کی اطاعت میں عظمت ہے"**۔

☆ **"جو ذمہ داری ہمیں دی گئی ہے اس کے تقاضے پورے کرنا'ہم پر اخلاقی و تنظیمی طور پر لازم ہے"**(شورٰی وکابینہ کے مَدَنی مشورے کے مَدَنی پھول 22 تا 26 اگست 2013)

| نمبر شمار | سطح: پاکستان | سطح: اوورسیز | ذمہ دار اسلامی بہن |
|---|---|---|---|
| 1 | ادارہ ذمہ دار | --- | شعبہ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن(ادارہ سطح) |
| 2 | یوسی ادارہ | --- | شعبہ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن(یوسی ادارہ سطح) |
| 3 | تحصیل / ٹاون | ڈویژن | شعبۂ تعلیم وڈاکٹرز ذمہ دار اسلامی بہن(تحصیل / ٹاون(اوورسیز میں ڈویژن سطح) |
| 4 | ڈسٹرکٹ / زون / میٹرو پولیٹن | کابینہ | شعبہ تعلیم، ولیڈی ڈاکٹرز،ہومیوپیتھک ڈاکٹرز ذمہ دار اسلامی بہن(ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن(اوورسیز میں کابینہ سطح) |
| 5 | ڈویژن | زون | شعبۂ تعلیم،ولیڈی ڈاکٹرز،ہومیوپیتھک ڈاکٹرز ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن(اوورسیز میں زون سطح) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6 | صوبہ / سٹی | ---- | شعبۂ تعلیم ولیڈی ڈاکٹرز، ہومیوپیتھک ڈاکٹرز ذمہ دار اسلامی بہن (صوبہ / سٹی سطح) |
| 7 | ملک | ملک | مجلس شعبہ تعلیم، لیڈی ڈاکٹرز، ہومیوپیتھک ڈاکٹرز ذمہ دار اسلامی بہن (ملک سطح) |
| 8 | عالمی | عالمی | شعبۂ تعلیم، ولیڈی ڈاکٹرز، ہومیوپیتھک ڈاکٹرز ذمہ دار اسلامی بہن (عالمی سطح) |

☆ **پاکستان میں** شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) پر تقرری اس طرح ہو گی

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ دار (یوسی / سیکٹر تا عالمی)

☆ لیڈی ڈاکٹرز (تحصیل / ٹاون تا عالمی)

☆ (لیڈی ہومیوپیتھک لیڈی ڈاکٹرز (ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن تا عالمی)

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز لیڈی ہومیوپیتھک) (ڈویژن تا عالمی)

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) میں الگ الگ ذمہ دار کا تقرر نہیں ہو گا، مَدَنی پھولوں کے مطابق / تنظیمی اسٹرکچر کے مطابق ماتحت شعبہ جات میں جس سطح پر جس شعبے کے دینی کام کا آغاز ہو رہا ہو گا اس سطح کی ذمہ دار ذمہ دار ہی ماتحت شعبوں میں دینی کام کریں گی۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) کے دینی کام کو بہتر انداز میں کرنے کے لئے ذمہ داران ان مَدَنی مذاکرہ نمبر 27، 31، 32، 33، 34، 79، 86، 81، 88 103، 197، 220 www.Ameer-e-ahlysunnat.net پر جو میسر ہوں اُن سے استفادہ لیا جائے۔

《20》 **ماہانہ اہداف**: ہر ماہ دینی کاموں کا ہدف ذمہ دار اسلامی بہنوں کو دیا جاتا ہے لہٰذا شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) کے دینی کاموں کا ہدف پورا کرنے کے لئے شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تاعالمی سطح) خوشدلی کے ساتھ بھرپور کوشش فرمائیں۔ کی ہر سطح کی ذمہ داران شعبۂ تعلیم میں نیک اعمال اور دیگر دینی کاموں کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

☆ ماہانہ کارکردگی فارم میں موجود ہر ہر دینی کام کا ہدف دینے کے بجائے جس دینی کام میں کمی ہو صرف اُسی کا ہدف دیا جائے اور جس دینی کام کا ہدف دیا جائے اس کی پوچھ گچھ ضرور کی جائے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) کی تحصیل / ٹاون (اوورسیز میں ڈویژن) / ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن ہر ماہ کم از کم 12 اداروں سے وابستہ پروفیشنل سے ملاقات کریں۔

## 《21》 ماہانہ مَدَنی مشورے، شیڈول و ماہانہ کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں اور مَدَنی پھول:

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تاعالمی سطح) درج ذیل طریقۂ کار کے مطابق ہر 3 ماہ (**جنوری، اپریل، جولائی، اکتوبر**) مَدَنی مشورے فرمائیں۔ اور ہر سطح کے مَدَنی مشوروں سے قبل نیک اعمال کے رسالے سے جائزہ ضرور کروائیں۔

| سہ ماہی مَدَنی مشورے کی تاریخیں | مَدَنی مشورہ لینے والی | سطح | شرکاء |
|---|---|---|---|
| 5 | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز) ذمّہ دار اسلامی بہن (تحصیل / ٹاون تا سطح) | تحصیل / ٹاؤن تا | شعبۂ تعلیم ذمہ داران (یوسی / سیکٹر سطح) |
| 7 | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز) ذمّہ دار اسلامی بہن (ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) سطح) | ڈسٹرکٹ / ضلع (اوورسیز میں کابینہ) | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز) ذمّہ دار اسلامی بہن (تحصیل / ٹاون (اوورسیز میں ڈویژن سطح) |
| 8 | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک ڈاکٹرز) ذمّہ دار اسلامی بہن (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) | ڈویژن (اوورسیز میں زون) | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، سنّی عالمات) ذمّہ دار اسلامی بہن (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) |
| 9 | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک ڈاکٹرز) ذمّہ دار اسلامی بہن | صوبہ / سٹی | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | (صوبہ/ سٹی سطح) | | پیتھک ڈاکٹرز) ذمّہ داران (سرکاری ڈویژن) |
| 10 | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک ڈاکٹرز) ذمّہ دار اسلامی بہن(ملک سطح) | ملک | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیو پیتھک ڈاکٹرز) ذمّہ داران(صوبہ/ سٹی سطح) |
| 9 | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک ڈاکٹرز) ذمّہ دار اسلامی بہن(ریجن اوورسیز سطح) | ریجن اوورسیز | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیو پیتھک ڈاکٹرز) ذمّہ داران(ملک سطح) |
| 11 | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک ڈاکٹرز) ذمّہ دار اسلامی بہن(عالمی سطح) | عالمی | شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک ڈاکٹرز) ذمّہ داران (ملک/ریجن اوورسیز سطح) |

☆ہر سطح کے مدنی مشورے میں انفرادی کارکردگی، پیشگی شیڈول وشیڈول کارکردگی چیک کرنا، ترقی و تنزلی کا جائزہ لینا، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ پر کلام کیا جائے۔

☆ضرورتاً مدنی مشورے کی تاریخ میں باہم مشاورت سے تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لئے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لئے مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن سے اجازت ضروری ہے۔ اگر کسی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) میں اس شعبے پر تحصیل/ٹاون (اوورسیز میں ڈویژن) سطح پر ذمہ دار مقرر نہ ہو تو پھر یہ مشورہ نگران اسلامی بہن لے لیں۔

☆اگر کسی ماہ ڈویژن (اوورسیز میں زون) نگران اسلامی بہن یا ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہن مدنی مشورہ کریں تو اس شعبے کی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) کی شعبہ ذمہ دار اسلامی بہن الگ سے مدنی مشورہ نہ کریں۔

☆ ہر سطح کی شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمّہ داران ہر انگریزی ماہ کی 2 تاریخ تک اپنا پچھلے ماہ کا ""کارکردگی شیڈول" پُر فرما کر بالترتیب اپنی شعبہ ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔("کارکردگی شیڈول" اپنی شعبہ ذمّہ دار سے حاصل فرمائیں)

☆ہر سطح کی شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرزلیڈی ہومیوپیتھک) ذمّہ داران "**جاب ڈسکرپشن**" کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے شعبے کے دینی کاموں کا شیڈول ترتیب دیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ داران(یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تاملک سطح)ماہانہ مدنی مشورے میں اپنی ماتحت ذمہ داران کی بہتر کارکردگی مثلاً سنّتوں بھرے اجتماع و مدنی مشورے کی پابندی، اداروں میں درس اجتماع کارکردگی بہتر ہونے، مبلغات کی تعداد میں اضافہ ہونے اور ہر ماہ کارکردگی مقررہ وقت پر جمع کروانے کی صورت میں حوصلہ افزائی کرتے ہوئے تحفہ (کتب ورسائل/میموری کارڈ وغیرہ) دیں۔(یاد رہے! ڈونیشن سے تحفہ دینے کی اجازت نہیں)

☆ جس کتاب/میموری کارڈ کا تحفہ دیا جائے تو یہ نیت بھی کروائی جائے کہ "کتنے دن تک پڑھ، سن یا دیکھ لیں گی؟"

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) "**شعبۂ تعلیم** KPIS فارم کے مطابق ہر ماہ کارکردگی جمع کروائیں۔

(یہ تمام پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

- مبلغہ/ادارہ ذمہ دار: انگریزی ماہ کی **01** تاریخ
- یوسی/سیکٹر سطح: انگریزی ماہ کی **03** تاریخ
- تحصیل/ٹاون (اوورسیز میں ڈویژن) سطح: انگریزی ماہ کی **05** تاریخ
- ڈسٹرکٹ/زون/میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) سطح: انگریزی ماہ کی **06** تاریخ
- ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح: انگریزی ماہ کی **07** تاریخ

- ❖ صوبہ / سٹی: انگریزی ماہ کی **08** تاریخ
- ❖ ملک: انگریزی ماہ کی **9** تاریخ
- ❖ ریجن اوورسیز: انگریزی ماہ کی **9** تاریخ
- ❖ عالمی: انگریزی ماہ کی **11** تاریخ

☆ ہر سطح کی شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ داران((یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن)تا عالمی سطح)متعلقہ کارکردگی فارم شعبہ مشاورت کو جمع کروانے کے ساتھ ساتھ بعد اپنی مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران((یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن)تاعالمی سطح)،" یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی کارکردگی "اپنی ماتحت ذمہ داران کی کارکردگیوں کو مدّ نظر رکھ کر پُر فرمائیں۔(یادرہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں،اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو کارکردگی پیش کردیں)

☆ اگر کہیں شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ((یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن)تا ملک سطح) مقرر نہیں یا اگر مقرر تو ہیں مگر شدید عذر کی بناء پر دینی کام نہیں کرپارہی ہوں تو اس سطح کی نگران کے ذریعے کارکردگی تیار کروائی جائے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران((یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن)ملک سطح)اگر کبھی شدید عذر کی بناء پر کسی ماہ دینی کام نہ کرسکتی ہوں تو قبل از وقت اپنی نگران اسلامی بہن کو لازمی اطلاع دے دیں تاکہ وہ باآسانی یہ کام کرواسکیں۔

☆ ہر ماہ مبلغات کے ذریعے جو مدنی بہاریں موصول ہوں اگر وہ نامکمل ہوں تو مکمل پُر کرکے شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ دار روحانی علاج ذمّہ دار((یوسی/سیکٹر(اوورسیز میں ڈویژن) سطح) کو جمع کروائیں۔

☆ یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) کے منسلک اداروں میں درس دینے والی مبلغات جمادی الاولیٰ میں تربیت کے لیے شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ دار اسلامی بہن((یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) مدنی پھول وغیرہ یوسی/سیکٹر اسلامی بہن کو قبل از وقت پیش کردیں اور ان سے یہ بھی عرض کردی جائے کہ سنتوں بھرے بیان کی تیاری کے لیے مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ کتب ورسائل "احساسِ ذمہ داری"، "انفرادی کوشش"، "انمول ہیرے"، اور حسبِ ضرورت "مدنی پھول برائے مبلغہ" اور شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) سے متعلق مدنی مذاکرے سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

☆ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن سے مربوط رہیں۔انہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتی رہیں۔جو بھی تنظیمی اسلامی بہن اپنی ذمہ دار سلامی بہن سے مربوط رہے گی وہ اتنی ہی مضبوط ہوتی جائے گی۔اِنْ شَآءَ اللہ الکریم

☆ جس شعبے کے دینی کاموں میں مشاورتوں کے نگران کی معاونت نہیں ہوگی، ان شعبوں کی کماحقہٗ ترقی نہیں ہوسکے گی شعبے والے بھی مشاورتوں کے نگرانوں سے رابطے میں رہیں۔

☆ شعبہ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ((یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن)تا ملک سطح) سنتوں بھرے اجتماع، سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے اور مدنی مشوروں میں اپنی ِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن سے اجازت لے کر واپس جائیں۔

☆ اگر کسی ڈویژن (اوورسیز میں زون) میں شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات( لیڈی ڈاکٹرزلیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران ((یوسی/سیکٹر(اوورسیز میں ڈویژن)تاملک سطح)میں سے کسی بھی سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن کا تقرر ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق متعلقہ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرزلیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ دار اسلامی بہن کو "مدنی پھول برائے شعبہ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)" اچھی طرح سمجھا کر دیئے جائیں۔

☆ اپنی ماتحت کو مَدَنی پھول سمجھائیں تو اُس سے نچلی سطح کی ذمہ دار سے رابطہ کرکے حکمتِ عملی کے ساتھ احسن انداز میں کراس چیکنگ ضرور کرلیں کہ اس کے مطابق نفاذ ہو رہا ہے؟ کمی ہونے / عمل نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ ذمہ دار کی احسن طریقے سے تفہیم کردی جائے۔

☆ جہاں جس یوسی / سیکٹر / تحصیل / ٹاون (اوورسیز میں ڈویژن) /ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) / ڈویژن (اوورسیز میں زون) میں شعبہ ذمہ دار مقرر نہ ہوں یا وہاں دینی کام کم ہو یا وہاں اس دینی کام کو کرنے والا کوئی نہ ہو تو متعلقہ مَدَنی پھول نہ وہاں میل کروائے جائیں نہ فوٹوکاپی کروا کر دیئے جائیں اور نہ ہی مَدَنی مشورہ لیا جائے۔

☆ جب کبھی آپ کے شعبے کے مَدَنی پھول ترمیم واضافے کے ساتھ آئیں تو شعبہ تعلیم وماتحت شعبہ جات (رابطہ بالعالمات، مجلس لیڈی ڈاکٹرز لیڈی ہومیوپیتھک) ہر ریجن نگران سے یہ معلومات ضرور حاصل کرلیں کہ آپ کے ریجن میں مجھے شعبہ کے لحاظ سے کن کن ملکوں کامَدَنی مشورہ لینا ہے؟ پھر اس کے مطابق عمل کیا جائے۔

☆ جب بھی شعبہ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیوپیتھک) کے مَدَنی پھولوں کا مَدَنی مشورہ لیں تو پہلے مَدَنی پھولوں کا اچھی طرح مطالعہ فرمالیں پھر اُس ملک کی نوعیت کے اعتبار سے خاص خاص مَدَنی پھولوں کو ہائی لائٹ کر کے وہی مَدَنی پھول سمجھائے جائیں۔

☆ کسی بھی مَدَنی پھول کو مسلط کرنے کا ذہن نہ ہو، ماتحت کو بخوشی قائل کرنے کی کوشش کی جائے اور اگر کسی ملک کی نوعیت ایسی ہو کہ وہاں اس کے نفاذ میں "مشکل" ہو تو رعایت دے دی جائے۔ مثلاً مَدَنی برقع کی پابندی وغیرہ کی کارکردگی یا سادہ برقع پہننا وغیرہ پوش ایریا / اداروں میں قریب بہ ناممکن تو ٹھیک ہے ترکیب نہ بنائی جائے۔ ہر جگہ ہر دینی کام کے لئے force نہ کیا جائے اور نہ ماتحت کے کلام کو یہ کہہ کر رد کیا جائے کہ "اطاعت کریں" قائل نہ کریں تو مائل تو کریں۔

☆ ہماری ذمہ داری کے حوالے سے جو بھی مَدَنی پھول ہمیں ملتے ہیں وہ ہمیں حفظ ہونے چاہئیں تب ہی ہمارے دینی کام ترقی کر سکیں گے، مَدَنی پھول سمجھا کر آگے بڑھائے جائیں، مَدَنی پھولوں میں دیئے گئے دینی کاموں کی پوچھ گچھ ہو یوں دینی کام کرتے کرتے مَدَنی پھول ذہن نشین ہو جائیں گے"۔ (مَدَنی مشورہ شوریٰ 14 اپریل 2016)

﴿22﴾ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران ((یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا ملک سطح) اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لیے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں۔

☆ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتی رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیر اہلسنت، بہار شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔ خصوصاً صدر الافاضل مفتی سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی اسلامی عقائد سے متعلق کتاب بنام "کتاب العقائد" (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)، بہار شریعت کا پہلا حصہ، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، مسائل سیکھنے کے لئے بہار شریعت کے منتخب ابواب اور حصوں کے ساتھ ساتھ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے جملہ کتب و رسائل، اچھے برے اخلاق کی معلومات حاصل کرنے کے لئے "باطنی بیماریوں کی معلومات" اچھے اخلاق حاصل کرنے کا طریقہ پر مبنی منجیّات کی کتابیں (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ) کا مطالعہ کیجئے مطالعہ کرنے کے لئے کچھ وقت مثلاً (صبح 19 منٹ) امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی کتب و رسائل کے لئے اور اسی طرح دیگر کتب کے لئے بھی کچھ وقت مثلاً (بعدِ مغرب و قبل طعام 19 منٹ) خاص کیجئے۔

☆ شرعی پردے کی پابندی کریں اور دیدہ زیب برقع پہننے سے اجتناب کریں۔ ﴿"مَدَنی برقع "شرعی پردے کی اچھی صورت ہے﴾

☆ عملی طور پر دینی کاموں میں شریک ہوں۔ روزانہ کم از کم دو (2) گھنٹے دینی کاموں میں صرف کیجئے، پابندیٔ وقت کے ساتھ اول تا آخر ہفتہ وار اجتماع اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں شرکت وغیرہ۔

☆ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے نیک اعمال پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ جائزہ لیتے ہوئے ہر ماہ نیک اعمال کا رسالہ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے اپنے محارم کو عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں ایک ماہ اور ہر ایک ماہ میں کم از کم 3 دن شیڈول کے مطابق قافلے میں سفر کی ترغیب دلاتی رہیں۔

☆ رضائے رب الانام کے دینی کاموں پر عمل کرتے ہوئے عطار کی اجمیری، بغدادی، مکی اور مدنی بیٹی بننے کی سعی جاری رکھیں نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں، کچھ اشارے میں اور کچھ لکھ کر کرنے کی کوشش کے ساتھ نگاہیں جھکا کر رکھنے کی عادت بنائیں۔

☆ مرکزی مجلس شوریٰ، ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچائے جائیں۔

☆ ہفتہ وار live مدنی مذاکرہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر ریکارڈ مدنی مذاکروں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی التجا ہے اس کے لئے اور اپنے شعبے میں دینی کام کو بہتر انداز میں کرنے کے لئے www.dawateislami.net وِزِٹ کریں۔

☆ دورانِ دینی کام و ملاقات امیرِ اہلسنت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید / طالب بنانے کی کوشش کرتی رہیں، مرید / طالب ہو جائیں تو شعبہ روحانی علاج سے مکتوب بھی منگوائیں۔

☆ دینی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص نیک اعمال نمبر 21 اور 24 کی عاملہ بن جائیں۔

☆ نیک عمل نمبر 21: کیا آج آپ نے مرکزی مجلس شوریٰ، ڈویژن (اوورسیز میں زون)، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کی بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی؟

☆ **نیک عمل نمبر24:** کسی ذمہ دار (یاعام اسلامی بہن) سے برائی صادر ہونے کی صورت میں تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے آپ غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھیں؟

## ﴿23﴾ پوچھ گچھ(FOLLOW UP)

☆ **فرمانِ امیر اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ: "پوچھ گچھ دینی کاموں کی جان ہے" (مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں زون) تا عالمی سطح)"مدنی پھول برائے شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)" میں موجود مدنی کام اپنے پاس ڈائری میں بطوریادداشت تحریر فرمالیں یا نمایاں کرلیں تاکہ بروقت مدنی پھول پر عمل ہوسکے۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں زون) تا عالمی سطح)"ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ (Followup) فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آیندہ کے لئے لائحہ عمل تیار کریں۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں زون) تا عالمی سطح)"مدنی پھول برائے شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)" مع ریکارڈ پیپرزDisplay file میں ترتیب وار رکھ کر محفوظ فرمالیں۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک) ذمہ داران (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں زون) تاعالمی سطح)اپنی ماتحت ذمہ داران کے پُر شدہ "شیڈول "پُر شدہ "کارکردگی فارمز"(کم ازکم2سال کے)Display file میں ترتیب وار رکھ کر محفوظ فرمالیں۔

☆ "شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)" سے متعلق اگر کوئی مدنی مشورہ ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ "شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)" سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن (اوورسیز میں زون) / ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح)شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری انٹرنیٹ مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھاسکتی ہیں۔

☆ اپنے ملک کے حالات و نوعیت کے مطابق ملکی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اور شعبۂ تعلیم وماتحت شعبہ جات(لیڈی ڈاکٹرز،لیڈی ہومیوپیتھک)ذمہ دار (عالمی سطح)اور متعلقہ ریجن اوورسیز نگران اجازت سے ان مدنی پھولوں میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔